30	24	قمر با عطارد	قران	06.10
31	26	قمر با عطارد	قران	07.16
32	26	قمر با مریخ	تربیع	14.04
33	27	قمر با مشتری	تربیع	14.53
34	27	قمر با زہرہ	قران	22.37
35	28	قمر با زہرہ	تربیع	08.56

مارچ۔ ۲۰۲۰ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	1	قمر با زہرہ	تثلیث	21.23
2	3	قمر با عطارد	تربیع	04.36
3	3	شمس با قمر	تربیع	01.29
4	4	قمر با زحل	تثلیث	22.16
5	5	قمر با عطارد	مقابلہ	10.15

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
6	5	قمر بامریخ	مقابلہ	07.56
7	5	شمس باقمر	تثلیث	13.20
8	5	قمر بامشتری	مقابلہ	22.27
9	6	قمر بازحل	مقابلہ	12.43
10	6	قمر بازہرہ	تربیع	17.31
11	8	قمر باعطارد	مقابلہ	13.44
12	8	قمر بازہرہ	تثلیث	22.31
13	9	قمر بامریخ	تثلیث	16.19
14	9	شمس باقمر	مقابلہ	23.19
15	10	قمر بامشتری	تثلیث	01.39
16	10	قمر بازحل	تثلیث	14.03
17	11	قمر بامریخ	تربیع	17.37
18	12	قمر بامشتری	تربیع	01.19
19	12	قمر بازحل	تربیع	13.43
20	13	قمر بازہرہ	مقابلہ	04.41
21	14	شمس باقمر	تثلیث	06.19
22	14	قمر باعطارد	تربیع	15.07
23	16	شمس باقمر	تربیع	15.05
24	17	قمر بازہرہ	تثلیث	23.02
25	18	قمر بامشتری	قران	14.04
26	19	قمر بازحل	قران	06.19
27	20	قمر بازہرہ	تربیع	14.31
28	20	مریخ بازہرہ	قران	17.06
29	20	قمر بازہرہ	تربیع	17.06
30	21	قمر باعطارد	قران	02.10
31	24	شمس باقمر	قران	14.59
32	26	قمر بامشتری	تربیع	06.14
33	26	قمر بامریخ	تربیع	12.48
34	26	قمر بازحل	تربیع	19.46
35	28	زہرہ بامشتری	تثلیث	09.55
36	28	قمر بامشتری	تثلیث	19.10
37	29	قمر بازحل	تثلیث	08.07
38	30	قمر باعطارد	تربیع	08.29

اپریل ۲۰۲۰ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	1	مریخ بازحل	قران	00.02
2	1	شمس باقمر	تربیع	14.52
3	1	قمر باعطارد	تثلیث	23.22
4	2	قمر بامشتری	مقابلہ	14.20
5	3	قمر بامریخ	مقابلہ	03.44
6	4	شمس باقمر	تثلیث	01.00
7	4	زہرہ بازحل	تثلیث	22.41
8	5	قمر بازہرہ	تربیع	04.39
9	6	قمر باعطارد	مقابلہ	15.20
10	6	قمر بامشتری	تثلیث	19.00
11	7	قمر بامریخ	تثلیث	04.23
12	7	قمر بامریخ	تثلیث	10.51
13	8	شمس باقمر	مقابلہ	08.06
14	8	قمر بامشتری	تربیع	18.21
15	9	قمر بازحل	تربیع	03.34
16	9	قمر بامریخ	تربیع	12.12
17	11	قمر باعطارد	تثلیث	01.06
18	11	قمر بازہرہ	مقابلہ	12.59
19	13	قمر باعطارد	تربیع	11.31
20	15	قمر باعطارد	قران	04.27
21	15	قمر بامشتری	قران	05.19
22	15	قمر بازہرہ	قران	16.30
23	15	قمر بازحل	قران	15.42
24	15	شمس بامشتری	تربیع	16.30
25	16	قمر باعطارد	تثلیث	04.12
26	16	قمر بامریخ	قران	09.00
27	16	قمر بامریخ	قران	19.13
28	19	قمر بازہرہ	تربیع	00.28
29	21	شمس بازحل	تربیع	12.31
30	22	قمر باعطارد	قران	01.37
31	22	قمر بامشتری	تربیع	18.03
32	23	قمر بازحل	تربیع	04.31
33	23	شمس باقمر	قران	07.57
34	24	قمر بامریخ	تربیع	11.02
35	25	قمر بامشتری	تثلیث	06.14
36	25	قمر بازحل	تثلیث	16.18
37	26	عطارد بامشتری	تربیع	10.02
38	26	قمر بازہرہ	قران	22.10
39	28	عطارد بازحل	تربیع	2.59
40	30	قمر بامشتری	مقابلہ	.01
41	30	قمر بازحل	مقابلہ	.58
42	30	قمر باعطارد	تربیع	.18

مئی ۲۰۲۰ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	1	شمس باقمر	تربیع	2.09
2	1	قمر بامریخ	مقابلہ	1.35
3	3	قمر باعطارد	تثلیث	5.09
4	3	شمس باقمر	تثلیث	9.11
5	3	قمر بازہرہ	تربیع	0.37
6	4	قمر بامشتری	تثلیث	9.24
7	4	قمر بازحل	تثلیث	5.46
8	5	شمس باعطارد	قران	3.12
9	5	قمر بازہرہ	تثلیث	1.54
10	6	قمر بامریخ	تثلیث	4.44
11	6	قمر بامشتری	تربیع	5.04
12	7	شمس باقمر	مقابلہ	6.16
13	7	قمر باعطارد	مقابلہ	2.01
14	8	قمر بامریخ	تربیع	3.10
15	10	قمر بازہرہ	مقابلہ	0.45
16	10	عطارد بامشتری	تثلیث	0.07
17	11	عطارد بامریخ	تربیع	3.04
18	12	شمس باقمر	تثلیث	5.55
19	12	قمر بامشتری	قران	6.01
20	12	قمر باعطارد	تثلیث	0.38
21	13	عطارد بازحل	تثلیث	1.45
22	14	قمر بازہرہ	تثلیث	4.51
23	15	شمس باقمر	تربیع	9.34
24	15	قمر بامریخ	قران	9.37
25	16	قمر بازحل	تربیع	2.29
26	17	قمر بامشتری	تربیع	2.06
27	17	شمس بامشتری	تثلیث	2.11
28	20	قمر بامشتری	تربیع	2.04
29	20	قمر بازحل	تربیع	1.29
30	22	قمر بامشتری	تثلیث	3.32

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
9	8	قمر باعطارد	تثلیث	05.43
10	9	قمر بامشتری		09.15
11	9	قمر بامریخ	قران	14.06
12	10	قمر بازحل	تربیع	01.21
13	11	قمر باعطارد	تربیع	06.43
14	11	قمر بامشتری	تثلیث	21.23
15	11	شمس باقمر	تربیع	22.16
16	12	قمر بازحل	تثلیث	13.26
17	15	قمر بازہرہ	قران	18.57
18	16	قمر بامشتری	مقابلہ	15.04
19	16	قمر بامریخ	تثلیث	19.33
20	17	قمر بامریخ	تربیع	01.03
21	17	قمر بازحل	مقابلہ	05.30
22	17	عطارد بامریخ	تثلیث	14.14
23	17	شمس باعطارد	قران	20.38
24	19	قمر بامریخ	تثلیث	05.22
25	19	شمس باقمر	قران	08.13
26	19	قمر باعطارد	قران	11.09
27	20	قمر بامشتری	تثلیث	19.45
28	21	قمر بازحل	تثلیث	09.08
29	22	قمر بازہرہ	تربیع	13.57
30	22	قمر بامشتری	تربیع	20.17
31	23	قمر بامریخ	مقابلہ	09.06
32	23	قمر بازحل	تربیع	09.51
33	24	قمر بازہرہ	تثلیث	21.52
34	24	مریخ بازحل	تربیع	23.51
35	25	شمس باقمر	تربیع	23.29
36	26	زہرہ بامشتری	مقابلہ	03.57
37	26	قمر باعطارد	تربیع	15.18
38	27	قمر بامریخ	تثلیث	17.31
39	28	شمس باقمر	تثلیث	08.40
40	29	قمر باعطارد	تثلیث	07.27
41	29	قمر بازہرہ	مقابلہ	14.22
42	29	عطارد بامشتری	تثلیث	18.59
43	29	قمر بازحل	قران	22.49
44	30	قمر بامریخ	تربیع	01.02

ستمبر ۲۰۲۰ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	2	شمس باقمر	مقابلہ	10.53
2	2	زہرہ بازحل	مقابلہ	17.49
3	3	عطارد بازحل	تثلیث	12.54
4	3	قمر بازہرہ	مقابلہ	20.05
5	4	زہرہ بامریخ	تربیع	14.43
6	4	قمر بامشتری	تربیع	12.57
7	5	قمر بازحل	تربیع	05.40
8	6	قمر بامریخ	قران	10.16
9	7	قمر بازہرہ	تربیع	14.23
10	9	شمس باقمر	تثلیث	21.40
11	10	قمر بامشتری	تثلیث	01.39
12	10	قمر بازحل	تثلیث	18.18
13	10	قمر باعطارد	تثلیث	14.09
14	10	شمس بامشتری	تثلیث	21.35
15	11	شمس باقمر	تربیع	14.57
16	12	قمر بامشتری	تربیع	08.20
17	12	قمر بامشتری	مقابلہ	22.25
18	13	قمر بازحل	مقابلہ	13.08
19	13	قمر بامریخ	تربیع	17.36
20	14	قمر بازہرہ	قران	12.25
21	15	قمر بامریخ	تثلیث	20.41
22	17	قمر بامشتری	تثلیث	04.25
23	17	عطارد بامشتری	تربیع	16.06
24	17	شمس باقمر	قران	16.31
25	17	قمر بازحل	تثلیث	17.13
26	18	قمر بازحل	تثلیث	03.07
27	19	قمر بامشتری	تربیع	04.07
28	19	قمر باعطارد	قران	07.39
29	19	قمر بازحل	تربیع	16.45
30	19	قمر بامریخ	مقابلہ	20.00
31	20	قمر بازہرہ	تربیع	02.13
32	23	قمر بازہرہ	تثلیث	09.05
33	23	عطارد بازحل	تربیع	16.09
34	23	قمر بامریخ	تثلیث	23.03
35	24	شمس باقمر	تربیع	07.26
36	24	عطارد بامریخ	مقابلہ	16.24
37	25	قمر بامشتری	قران	1243
38	26	قمر بازحل	قران	02.57
39	26	قمر بامریخ	تربیع	04.43
40	26	قمر باعطارد	تربیع	09.07
41	28	قمر بازہرہ	مقابلہ	10.36
42	29	قمر باعطارد	تثلیث	00.15
43	29	قمر بامریخ	تثلیث	06.32
44	30	مریخ بازحل	تربیع	03.21

اکتوبر ۲۰۲۰ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	2	شمس باقمر	مقابلہ	02.26
2	2	قمر بامشتری	تربیع	22.27
3	3	قمر بامریخ	قران	09.28
4	3	قمر بامریخ	تربیع	11.18
5	4	قمر بازہرہ	تثلیث	22.44
6	4	قمر باعطارد	مقابلہ	10.48
7	5	قمر بامشتری	تثلیث	09.38
8	6	قمر بازہرہ	تربیع	18.12
9	7	شمس باقمر	تثلیث	14.49
10	9	قمر باعطارد	تثلیث	17.34
11	10	شمس باقمر	تربیع	06.11
12	10	قمر بامشتری	مقابلہ	08.48
13	10	قمر بامریخ	تربیع	15.36
14	10	قمر بازحل	مقابلہ	21.35
15	11	شمس بامشتری	تربیع	19.06
16	12	قمر باعطارد	تربیع	02.21
17	12	قمر بامریخ	تثلیث	20.01
18	14	شمس بامریخ	مقابلہ	04.57
19	14	قمر بازہرہ	قران	08.26
20	14	قمر بامشتری	تثلیث	17.43
21	15	قمر بازحل	تثلیث	04.18
22	16	قمر بامشتری	تربیع	19.21
23	17	شمس باقمر	قران	01.02

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
[illegible]	[illegible]	قمر بازہرہ	تربیع	03.43
[illegible]	[illegible]	قمر باعطارد	قران	03.23
[illegible]	[illegible]	شمس بازحل	تربیع	19.29
[illegible]	[illegible]	مریخ بامشتری	تربیع	11.09
[illegible]	[illegible]	زہرہ بامشتری	تثلیث	13.06
[illegible]	[illegible]	قمر بامریخ	تثلیث	17.40
[illegible]	[illegible]	قمر بازہرہ	تربیع	20.59
[illegible]	22	قمر بامریخ	تربیع	20.47
[illegible]	22	قمر بامشتری	قران	23.15
[illegible]	[illegible]	قمر بازہرہ	تثلیث	03.41
[illegible]	23	قمر بازحل	قران	10.06
[illegible]	23	شمس باقمر	تربیع	18.54
[illegible]	24	قمر باعطارد	تربیع	03.20
[illegible]	24	زہرہ بازحل	تثلیث	21.12
[illegible]	25	شمس باعطارد	قران	23.54
[illegible]	26	شمس باقمر	تثلیث	09.02
[illegible]	28	قمر بازہرہ	مقابلہ	15.03
[illegible]	30	قمر بامریخ	قران	00.04
[illegible]	30	قمر بامشتری	تربیع	08.10
[illegible]	30	قمر بامریخ	تربیع	19.01
[illegible]	31	قمر باعطارد	مقابلہ	21.44
[illegible]	31	شمس باقمر	مقابلہ	20.20

نومبر ۲۰۲۰ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
[illegible]	[illegible]	قمر بامشتری	تثلیث	21.38
[illegible]	[illegible]	عطارد بازحل	تربیع	00.37
[illegible]	[illegible]	قمر بازحل	تثلیث	08.01
[illegible]	[illegible]	قمر بازہرہ	تثلیث	06.03
[illegible]	[illegible]	قمر بازہرہ	تثلیث	19.20
[illegible]	[illegible]	قمر بازہرہ	تربیع	23.53
[illegible]	[illegible]	شمس باقمر	تثلیث	06.8
[illegible]	[illegible]	قمر بامریخ	تربیع	09.39
[illegible]	[illegible]	عطارد بازحل	تربیع	14.43
[illegible]	[illegible]	قمر بامشتری	مقابلہ	21.32
11	7	قمر بازحل	مقابلہ	06.23
12	7	قمر باعطارد	تربیع	06.58
13	8	قمر بامریخ	تثلیث	17.10
14	8	شمس باقمر	تربیع	19.17
15	9	زہرہ بامریخ	مقابلہ	21.40
16	11	قمر بامشتری	تثلیث	09.26
17	11	قمر بازحل	تثلیث	16.30
18	12	قمر بامریخ	مقابلہ	22.21
19	13	قمر بازہرہ	قران	05.02
20	13	قمر بامشتری	تربیع	10.36
21	13	قمر بازحل	تربیع	17.04
22	14	قمر باعطارد	قران	03.15
23	15	شمس باقمر	قران	10.38
24	16	زہرہ بامشتری	تربیع	11.04
25	16	قمر بامریخ	تثلیث	21.52
26	19	قمر بامریخ	تربیع	00.13
27	19	قمر بامشتری	قران	15.14
28	19	زہرہ بازحل	تربیع	21.47
29	21	قمر باعطارد	تربیع	01.47
30	22	شمس باقمر	تربیع	10.16
31	22	قمر بازہرہ	تثلیث	11.14
32	25	شمس باقمر	تثلیث	02.44
33	26	قمر بامریخ	قران	05.11
34	26	قمر بامشتری	تربیع	23.46
35	27	قمر بازحل	تربیع	05.17
36	29	قمر بامشتری	تثلیث	13.25
37	29	قمر باعطارد	مقابلہ	14.04
38	29	قمر بازحل	تثلیث	18.20
39	30	شمس باقمر	مقابلہ	15.01

دسمبر ۲۰۲۰ء

نمبر	تاریخ	سیارگان	نظرات	وقت
1	3	قمر بازہرہ	تثلیث	13.14
2	3	قمر بامریخ	تربیع	19.00
3	4	قمر بامشتری	مقابلہ	12.23
4	4	قمر بازحل	مقابلہ	16.00
5	5	قمر باعطارد	تثلیث	20.12
6	5	شمس باقمر	تثلیث	20.12
7	6	قمر بازہرہ	تربیع	03.18
8	6	قمر بامریخ	تثلیث	03.59
9	7	قمر باعطارد	تربیع	16.55
10	8	شمس باقمر	تربیع	06.08
11	9	قمر بامشتری	تثلیث	01.40
12	9	قمر بازحل	تثلیث	04.06
13	9	قمر بامریخ	مقابلہ	14.02
14	10	قمر بامریخ	مقابلہ	15.00
15	11	قمر باعطارد	تربیع	04.29
16	11	قمر بازحل	تربیع	06.27
17	11	شمس بامریخ	تثلیث	11.32
18	13	قمر بازہرہ	قران	02.30
19	14	قمر باعطارد	قران	16.13
20	14	قمر بامریخ	تثلیث	17.45
21	14	شمس باقمر	قران	21.48
22	15	عطارد بامریخ	تثلیث	09.55
23	16	قمر بامریخ	تربیع	21.03
24	17	قمر بامشتری	قران	11.06
25	17	قمر بازحل	قران	11.59
26	20	قمر بازہرہ	تربیع	04.11
27	20	شمس باعطارد	قران	08.57
28	21	مشتری بازحل	قران	23.52
29	22	شمس باقمر	تربیع	05.12
30	22	قمر بازہرہ	تثلیث	21.28
31	24	قمر بامریخ	قران	04.22
32	24	قمر بازحل	تربیع	18.02
33	24	قمر بامشتری	تربیع	18.41
34	24	شمس باقمر	تثلیث	23.19
35	25	قمر باعطارد	تثلیث	05.29
36	26	قمر بامریخ	تثلیث	07.12
37	28	قمر بازہرہ	مقابلہ	12.18
38	30	شمس باقمر	مقابلہ	08.59
39	30	قمر باعطارد	مقابلہ	21.35
40	31	قمر بامریخ	تربیع	19.16

تمام شد۔۔۔

نایاب عملیات

از: حضرت حکیم ایوب صاحب (موبائیل: 9819292276)

معمولات: حضرت الاستاد جناب قاری عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ع۱ نقش برائے جملہ امراض روحانی کیلئے اور دفع آسیب کیلئے استعمال کیا جاتا ہے

☆ ۱۱۱ م # ۷۸۶ ۱۱۱۱ ھ

۲۸۸۹۶۹	۲۸۸۹۷۲	۲۸۸۹۷۵	۲۸۸۹۶۲
۲۸۸۹۷۴	۲۸۸۹۶۳	۲۸۸۹۶۸	۲۸۸۹۷۳
۲۸۸۹۶۴	۲۸۸۹۷۷	۲۸۸۹۷۰	۲۸۸۹۶۷
۲۸۸۹۷۱	۲۸۸۹۶۶	۲۸۸۹۶۵	۲۸۸۹۷۶

ھ ھ ھ ھ ھ ھ ۱۱ ۱۳۷۰

✕ ۶۶۶۶۶۶۶ ۱۱۱۱ ھھ

ہ م ص ۳۷ ۲۲

نظر بد- جادو- ٹونکا وغیرہ میں اور جملہ امراض نسواں میں استعمال کریں- یہ نقش پانچوں قل حزب البحر آیۃ الکرسی سورہ فاتحہ-

نقش پانچوں قل

۲۸۷۲۴	۲۸۷۱۹	۲۸۷۲۶
۲۸۷۲۵	۲۸۷۲۳	۲۸۷۲۱
۲۸۷۲۰	۲۸۷۲۷	۲۸۷۲۲

نقش ع۲ حضرت الاستاد برائے حفاظت حاملہ عورت کے گلے کیلئے مرحمت فرمایا کرتے ہیں- اس ترکیب کے ساتھ معلوم حاملہ کر نیکے بعد تین داہنے ہاتھ کے گٹے پر باندھیں پھر تین دن بائیں ہاتھ کے گٹے پر باندھیں پھر تین دن چوٹی کی جڑ میں بندھا رہے پھر دسویں دن اس تعویز کو

چاندی کے خول میں رکھ کر گلے میں ڈالدیں اور حفاظت حمل کا گنڈہ بناکر زیر ناف باندھا جائے۔ اور اس عمل کے ساتھ مکان کو کیل دیا جائے مکان کیلنے کی ترکیب یہ ہے ۷ آدھی لیخ والی ایک چھٹانک کیلیں لے کر ان پر آیات "انھم یکیدون کیدھم" کم از کم پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں ہر چار پائی کے چاروں پاؤں چکی ہو تو اسمیں بھی ایک دستہ میں اور دو کیلیں پورب پچھم گاڑ دیں اور راستہ کی ہر چوکھٹ پر دائیں بائیں ٹھوک دیں اور سب کاروائی حمل کے تین ماہ کے اندر کیجائے اور سیہ مرچ بھی دم کر کے دیں نہار منہ کھائیں روزانہ ایک مرچ مریضہ سورج چھپنے کے بعد سے نکلنے تک گھر سے باہر نہ نکلے دن میں جاسکتی ہے بشرطیکہ سورج چھپنے سے قبل آجائے اور موت وغیرہ کا کھانا نہ کھائے۔

عـــ۳ نقش برائے استقرار حمل اور احتناق الرحم میں کالے دھاگے اور سیاہ کپڑے میں سیکر ناف کے نیچے رحم کے منہ پر باندھیں اور استعانت دین و دنیا کے لئے

★ ۱۱۱م # ۱۱۱۱ ص

۱۱۹۳۸	۱۱۹۴۲	۱۱۹۴۵	۱۱۹۳۱
۱۱۹۴۴	۱۱۹۳۲	۱۱۹۳۷	۱۱۹۴۳
۱۱۹۳۳	۱۱۹۹۴۷	۱۱۹۴۰	۱۱۹۳۶
۱۱۹۴۱	۱۱۹۳۵	۱۱۹۳۴	۱۱۹۴۶

۱۳ ۷۰ ۴ ھ ھ ھ ھ ھ

۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶

و ہ م ص ۲۲۳۷

عـــ۴ یہ نقش رفع نظر بد۔ اور بچہ کے رونے میں اور سوتے میں چونکتا ڈرتا ہو موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈالدیں کیونکہ یہ بحکم خدا حفاظت رہے۔

۷۸۶

۷۴۴۸	۷۴۵۲	۷۴۵۵	۷۴۴۱
۷۴۵۴	۷۴۴۲	۷۴۴۷	۷۴۵۳
۷۴۴۳	۷۴۵۷	۷۴۵۰	۷۴۴۶
۷۴۵۱	۷۴۴۵	۷۴۴۴	۷۴۵۶

ع۵ نقش برائے سحر و حفاظت اور جادو ٹونکے کے لئے دیا جاتا ہے۔ اور حفاظت سحر اور مخالف کے حملے سے بچنے کی حفاظت میں دیا جاتا ہے۔

۱۱۴۲۱	۱۱۴۳۴	۱۱۴۲۷	۱۱۴۱۴
۱۱۴۲۶	۱۱۴۱۵	۱۱۴۲۰	۱۱۴۲۵
۱۱۴۱۶	۱۱۴۲۹	۱۱۴۲۲	۱۱۴۱۹
۱۱۴۲۳	۱۱۴۱۸	۱۱۴۱۷	۱۱۴۲۸

حاضرات کرنے کے بعد یہ نقش کاغذ یا تشتری پر زعفران سے لکھ کر دھو کر پلا دیا کریں اور ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھا جائے۔
نقش ع۵ کے ساتھ سورۃ الناس ایک مرتبہ پڑھکر بارہ مرتبہ ناس کہکر ہر کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے کھا پی لیا کریں۔

نقش آسانی ولادت کیلئے

۳۱	۲۶	۳۳
۳۲	۳۰	۲۸
۲۷	۳۴	۲۹

حسان کیلئے لوکی پر لکھا جانیوالا نقش بچے کا نام معہ والدہ

ححححح ۱۱۱۱ ککفف

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

یہ نقش کدو پر لکھدیا جائے اور اس لوکی کو رات کے وقت بچہ کے پاس رکھا کریں اور دن میں کسی اونچی جگہ پر رکھ دیا کریں اور لوکی کو پاک کپڑے میں لپیٹ لیا جائے لوکی سوکھ جانے پر دفن کر دیں اور دوسری لوکی لے کر اسی طرح کریں پھر تیسرا تا آنکہ بچہ کو اللہ تعالیٰ صحت مرحمت فرمائیں اور جوتے کاری بھی کرتے رہیں اور بچہ کو ماں کا دودھ نہ پلایا جائے۔
اور ایک تعویذ بچہ کے گلے میں موم جامہ کر کے والدین اور نیچے بچہ کی والدہ اور نانی کا نام لکھیں اور بچہ اور ماں کو اسم اعظم کا نقش پہننے کو دیں۔
بشرطیکہ خلاف شرع نہ ہو۔

نقش برائے تفریق (اعداد) ۳۳۲۵ پرانی دو قبروں کے درمیان دفن کریں۔

۸۳۳	۸۳۶	۸۴۰	۸۲۶
۸۳۹	۸۲۷	۸۳۲	۸۳۷
۸۲۸	۸۴۲	۸۳۴	۸۳۱
۸۳۵	۸۳۰	۸۲۹	۸۴۱

نقش برائے استفراغ

۷۸۶

ھھھھھھ

ط ط ط ط ط ط ط

و ہ م ص

یہ نقش آسیب و سحر کے مبتلا کو ایک نقش باندھا جائے اور نقش روز پلایا جائے
اور سحر زدہ کو خصوصیت سے پلایا جائے۔ چالیس ۴۰ دن تک اور مسحور کو اور
بلدی ملھکر مسحور کو استفراغ کرایا جائے۔ اول و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ پڑھیں

جس عورت کو دودھ کم ہو
سورۃ کوثر چالیس مرتبہ پڑھکر اجوائن پر دم کریں اور شہد پر دم کریں عورت
روزانہ ایک چٹکی اجوائن پھانک کر اوپر سے تین انگل شہد چاٹ لے نہار منہ
انشاء اللہ دودھ کی زیادتی ہو جائے گی

۱۰ یہ نقش مکان دکان وغیرہ خالی کرانے کیلئے ہے اور اسکی جگہ سے بھگانے کیلئے ہے۔
مکان وغیرہ میں کسی محفوظ جگہ رکھ دیا جائے اور کام ہونے کے بعد نکال کر جنگل یا
قبرستان میں دفن کر دیں۔

۱۳۴۶	۱۳۴۹	۱۳۵۳	۱۳۳۹
۱۳۵۲	۱۳۴۰	۱۳۴۵	۱۳۵۰
۱۳۴۱	۱۳۵۵	۱۳۴۷	۱۳۴۴
۱۳۴۸	۱۳۴۳	۱۳۴۲	۱۳۵۴

نقش حزب البحر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

☆ ااا م # ااا ھ

۲۴۱۵۷۱	۲۴۱۵۷۴	۲۴۱۵۷۷	۲۴۱۵۶۴
۲۴۱۵۷۶	۲۴۱۵۶۵	۲۴۱۵۷۰	۲۴۱۵۷۵
۲۴۱۵۶۶	۲۴۱۵۷۹	۲۴۱۵۷۲	۲۴۱۵۶۹
۲۴۱۵۷۳	۲۴۱۵۶۸	۲۴۱۵۶۷	۲۴۱۵۷۸

یہ نقش دعاء حزب البحر کا ہے اس نقش کو عامل حزب البحر ہر طرح استعمال کر سکتا ہے۔ اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دو ہزار چار سو ۲۴۰۰ نقش بہ نسبت ادائیگی زکوٰۃ لکھے جائیں بعدہٗ ہر حاجت کے لئے نقش ہذا مجرب ہے اور آزمودہ ہے لیکن اجازت لینا ضروری ہے۔

ء نقش برائے تالیف قلوب و تسخیر خلائق زن و شوہر امراء و سلاطین وغیرہ کیلئے ہے۔ ترکیب استعمال نیچے ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

☆ ااا م # اااا ھ

۳۴۲۰۱	۳۴۲۰۴	۳۴۲۰۷	۳۴۱۹۴
۳۴۲۰۶	۳۴۱۹۵	۳۴۲۰۰	۳۴۲۰۵
۳۴۱۹۶	۳۴۲۰۹	۳۴۲۰۲	۳۴۱۹۹
۳۴۲۰۳	۳۴۱۹۸	۳۴۱۹۷	۳۴۲۰۸

جمعہ کے دن صبح سورج نکلنے کے بعد اول ساعت میں سرخ دھاگہ میں اور سرخ ہی کپڑے میں سیکر داہنے بازو میں طالب کے باندھ دیا جائے اور باندھنے سے پہلے یا بعد میں شیرینی نابالغ بچوں کو تقسیم کر دیا جائے۔

دعاء خاص

اقسمت علیک یا بدوح یا السبع الھوائیۃ یا السبع الارضیۃ شموخ اشمخ طالیش طاشمت یا بدوح ۔ سات مرتبہ

یا باسط یا ودود الباسط النعمۃ و مزیل النقمۃ یا حنان یا منان یا اللہ یا اللہ یا اللہ استجب دعائی

اگر کسی شخص پر جادو کر دیا گیا ہو
سات عدد مدینہ منورہ کی عجوہ کھجوروں پر سات سات بار آیۃ الکرسی سات دن تک روزانہ کھانا زبردست سے زبردست سحر کو زائل و باطل کر دیتا ہے۔

۳ نقش برائے وسعت رزق و ترقی روزگار اور تلاش معاش اور خیر و برکت کیلئے دیا جاتا ہے

۷۸۶
☆ ااا سم — #|# — ۱۱۱۱ — صا

۸۹۵۹	۸۹۷۳	۸۹۷۰	۸۹۶۶
۸۹۷۱	۸۹۶۵	۸۹۶۰	۸۹۷۲
۸۹۶۴	۸۹۶۸	۸۹۷۵	۸۹۶۱
۸۹۷۴	۸۹۶۲	۸۹۶۳	۸۹۶۹
۵۸۶۸	۵۸۶۸	۵۸۶۸	۵۸۶۸

نقش مذکور مکرم موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں یا بازو پر باندھیں یا دکان مکان میں کسی جگہ رکھ دیں یا چسپاں کر دیں۔

برائے حاضری مفرور

البوبک
حاضر شو حاضر شو حاضر شو
العجل العجل العجل الساعتہ
الساعتہ الساعتہ الوحاً الوحاً الوحاً اھیا
اشراھیا اغیشونی = نام مفرور

انڈے والا برائے حُب

انڈے کے عمل کی ترکیب یہ ہے کہ ایک انڈہ لیکر اس پر یہ عبارت لکھیں

۷۸۶ فلاں بن فلانہ بمحبت فلاں بنت فلانہ

بے چین شو و بیقرار شو و محبت ستو العجل العجل العجل

الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

اھیا اشراھیا العیشونی

لکھنے کے بعد مطلوب کا پسینہ آلود کپڑے میں انڈا لپیٹ کر ندی کے کنارے دفن کردیا جائے۔ اور دفن کرتے ہوئے کوئی دوسرا آدمی نہ دیکھے پھر واپس آکر نقش ۶ طالب اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور شیرینی بچوں کو تقسیم کردے۔ اور تعویز کو سرخ کپڑے میں موم جامہ کریں اور سرخ کپڑے میں اور سرخ دھاگے میں سسکر باندھیں۔

یہ نقش اسم اعظم کا ہر مرض میں پلانیکے لئے مفید ہے۔

۷۸۶

۲۲	۱۱	۲۳
۱۳	۲۲	۳۱
۲۱	۳۳	۱۲

یا محیط ططططططططط اچھا کر

ھھ ھھ ھھ ھھ

٭ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶

و ٥ م ص

یہ نقش معظم برائے مفرور حضرت قاری صاحب سنبھلی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دودھ دوا بھی ہے اور زہر بھی

دودھ اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی ایک بہت بڑی نعمت ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ تندرست انسانوں کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دوسری غذا نہیں ہوسکتی۔ دودھ تمام ضروری اور اہم اجزائے غذائیہ اور وٹامنز سے بھرپور ہے۔ محض دودھ ہی ایک ایسی چیز ہے جو ابتدائی غذا ہے یعنی بچے کے پیدا ہوتے ہی جو اس کو غذا حاصل ہوتی ہے وہ صرف دودھ ہے۔ یہی نہیں بلکہ دوڈھائی سال کی عمر تک اس کی پرورش محض دودھ ہی سے ہوتی ہے اور فی الحقیقت بچے کی پرورش و پرداخت اور اس کی نشوونما کے لئے ماں کے دودھ سے بڑھ کر اور کوئی غذا حتیٰ کہ اور کوئی دودھ نہیں ہوسکتا۔ ایک طرف پہلوانوں، کھلاڑیوں اور ہر قسم کی ورزش کرنے والوں کے لئے دودھ جید اور لاثانی غذا ہے، دوسری طرف کمزور اور ضعیف لوگوں کے لئے بہترین ٹانک ہے۔ لیکن بہت سے ایسے تندرست اشخاص ہیں جن کو دودھ موافق نہیں آتا۔ ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دودھ کا استعمال مریضوں کے لئے کیا ہے؟

یہ ایک اہم اور نہایت وضاحت طلب سوال ہے اور تمام معالجین کو اس کی وضاحت اور تفصیل سے واقف ہونا نہایت ضروری ہے۔ مریض جب اپنے معالج سے اپنی غذا کے متعلق دریافت کرتا ہے، تو آج کل کا معالج اپنے مریض کو آنکھ بند کر کے فوراً بغیر کچھ سوچے سمجھے دودھ کا استعمال بتا دیتا ہے؛ کیوں کہ وہ سمجھتا ہے کہ دودھ سے زیادہ ہلکی اور بہتر غذا مریض کے لئے اور کیا ہوسکتی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دودھ نہایت لطیف اور مقوی غذا ہے، لیکن بخوبی واضح رہے کہ دودھ کا استعمال ہر موقع پر اور ہر مریض کے لئے ہرگز ہرگز مناسب نہیں؛ کیوں کہ دودھ اگر ایک مریض کے لئے امرت ہے، تو بلاشبہ دوسرے مریض کے لئے زہر بھی ہوسکتا ہے۔

اب میں آپ سے یہ بتاؤں گا کہ دودھ کو کب استعمال کرایا جائے اور کب نہ استعمال کرایا جائے اور کس طرح استعمال کرایا جائے۔

دماغی اور اعصابی کمزوری اور ضعفِ گردہ کیلئے دودھ بہترین چیز ہے۔ نفث الدم اور پھیپھڑوں کی دق (ٹی، بی) کے لئے بھی دودھ اعلیٰ درجے کی غذا ہے۔ دل کے بیشتر امراض میں دودھ کا استعمال بے حد مفید ہے۔ آنتوں کی خشکی کے باعث اگر قبض کی شکایت ہو، تو اس کے لئے دودھ نافع ہے۔ خشکی کے باعث پیدا ہونے والے امراض خصوصاً مالیخولیا وغیرہ کے لئے دودھ کا استعمال اکسیر ہے۔ دودھ مصفّیِ خون بھی ہے۔ علاوہ ازیں امراضِ مردانہ اور امراضِ زنانہ میں دودھ ایک لاثانی غذا ہے۔ نیز ان امراض کی بیشتر دواؤں میں دودھ بطور بدرقہ مستعمل ہے۔

اس کے برعکس دودھ تمام نزلاوی و بلغمی اور ریاحی اور بادی امراض اور بیشتر سے زیادہ بخاروں کے لئے سخت نقصان دہ ہے۔

معدہ، جگر اور آنتوں کے تمام امراض کے لئے دودھ انتہائی مضرت رساں ہے۔ بواسیر کے مریضوں کو بھی دودھ ہرگز نہ دیا جائے۔

دودھ کے استعمال کے متعلق اگر تفصیلی طور پر روشنی ڈالی جائے تو ایک کتاب مرتب ہوسکتی ہے۔ یہاں اس کے متعلق صرف چند ضروری باتوں پر اکتفا کیا جاتا ہے: پھیپھڑوں کی ٹی، بی کے مریضوں کے لئے سب سے بہتر گدھی، عورت یا بکری کا دودھ ہے۔ یہاں پر ٹی، بی کے مریضوں کے لئے دودھ پلانے کا ایک کثیر المنفعت طریقہ تحریر کیا جاتا ہے۔

گدھی یا بکری کا دودھ سات تولہ سے صبح کو پلانا شروع کریں اور تین روز تک اسی مقدار میں پلاتے رہیں۔ چوتھے روز سے ایک ایک تولہ روزانہ بڑھائیں، حتیٰ کہ دودھ کی مقدار ۲۱ تولہ تک پہنچ جائے، پھر ایک ایک تولہ روزانہ گھٹا کر پہلی مقدار یعنی سات تولہ تک پہنچائیں اور تین روز تک اسی مقدار میں پلا کر چھوڑ دیں۔ یہ دودھ دوہنے کے بعد فوراً پلا دیں؛ تاکہ اس کی اصلی گرمی زائل نہ ہونے

ے۔ اگر بکری کا دودھ پلایا جائے، تو اس کو جنے ہوئے کم از کم چالیس روز گذر چکے ہوں اور اگر گدھی کا پلایا جائے، تو اس کو جنے ہوئے کم از کم چار مہینے ہو چکے ہوں۔

یاد رہے کہ مذکورہ طریقہ پر بکری کے دودھ میں شربتِ عناب ملا کر پلانا خون کو صاف کرتا ہے اور مالیخولیا کے لئے مفید ہے۔

شربتِ عناب پہلے دو تولہ شامل کیا جائے، پھر اس کے بعد آہستہ آہستہ بڑھا کر پانچ تولہ تک پہنچایا جائے اور پھر اسی طرح گھٹایا جائے۔

جریان، احتلام، سرعتِ انزال، رقت، لیکوریا اور کثرتِ حیض وغیرہ جیسے امراض نیز اور بقیہ ہر قسم کے وہ امراض جن میں دودھ کا استعمال ضروری اور جائز ہو، محض بکری یا گائے کا دودھ استعمال کرایا جائے؛ البتہ ضعفِ باہ اور نامردی کے مریضوں کو گائے یا بھینس کا دودھ دیا جائے۔

ملیریا یا بخار اور اس قسم کے دوسرے بخاروں میں جو عفونت کے باعث لاحق ہوتے ہیں، دودھ کا استعمال قطعی جائز نہیں کیوں کہ ایسے بخاروں میں معدہ اور جگر ضرور خراب ہو جاتے ہیں اور اس صورت میں جب دودھ استعمال کرایا جاتا ہے، تو اس سے معدہ اور جگر کی خرابی میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ دوسری جانب دودھ عفونت کو بڑھا کر بخار کی زیادتی، طوالت اور شدت کا باعث ہوتا ہے۔

البتہ ٹائی فائیڈ میں حسبِ ضرورت اور حسبِ موقع دودھ استعمال کرایا جاسکتا ہے، بشرطیکہ کوئی امر مانع نہ ہو۔

دودھ کے استعمال کے متعلق ہدایات

(۱) یاد رہے کہ بھینس کا دودھ ثقیل، بادی اور نفاخ ہوتا ہے؛ لہٰذا مریضوں کے لئے اس کا استعمال مناسب نہیں۔ اگر مجبوراً اس کو استعمال کرانا پڑے، تو اس میں چوتھائی صاف پانی ملا دیا جائے۔ گائے کا دودھ ہلکا اور زود ہضم ہوتا ہے اور اس سے زیادہ ہلکا اور زود ہضم بکری کا دودھ ہوتا ہے۔ اس وجہ سے مریضوں کے لئے گائے یا بکری کا دودھ ہی مناسب ہے۔

(۲) ہمیشہ تازہ دودھ ایک جوش دے کر مریضوں کو استعمال کرایا جائے اور اس میں حسبِ ضرورت شکر سفید ضرور ملائی جائے۔

(۳) اگر کسی مریض کو دودھ پلانا ضروری ہو لیکن اس کو دودھ ہضم نہ ہوتا ہو تو دودھ میں برائے نام سوڈا بائی کارب ملا دیا جائے یا تازہ دودھ میں ذرا سی ادرک چھیل کر شامل کر کے ایک جوش دے کر ادرک نکال کر دودھ پلایا جائے۔ ایسی صورت میں ''بالائی اتارا ہوا دودھ'' (سکمڈ ملک: SKIMMED MIKL) بھی نہایت موافق ثابت ہوتا ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ دودھ میں چوتھائی پانی ملا کر ایک جوش دے کر رکھ دیں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے، تو اوپر سے بالائی اتار لیں۔ یہ دودھ ہلکا اور زود ہضم ہوتا ہے حتیٰ کہ وہ بچے جن کو ماں کا دودھ میسر نہ ہو اُن کو بھی استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

(۴) بالائی ثقیل اور دیر ہضم ہوتی ہے۔ عام مریضوں کو اس کا استعمال جائز نہیں۔ اسی طرح ''گاڑھا کیا ہوا دودھ'' (کنڈینسڈ ملک: CONDENSED MILK) بھی نہایت ثقیل اور دیر ہضم ہوتا ہے۔

(۵) دودھ کا پھاڑا ہوا پانی جس کو ''ماء الجبن'' کہتے ہیں، نہائت زود ہضم اور لطیف ہوتا ہے اور مریضوں کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ اس کا مفصل تذکرہ گذشتہ صفحات میں ہو چکا ہے۔

(۶) مکھن اور گھی بھی دودھ کی پیداوار ہیں، جنھیں حسبِ ضرورت مریضوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔

از: حکیم عبدالمجید، رحمۃ اللہ علیہ۔

نایاب نسخہ جات

(ماخوذ: قرابادین نجمول غنی خان)

ماء اللحم:

اس کے پکانے کا طریقہ یہ ہے کہ گوشت صاف ۴ سیر لے کر گرم پانی سے تین بار دھودیں اور پانی ۸ سیر جدا گرم کر کے گوشت ٹکڑے نچوڑ کر اس میں ڈالیں اور منہ دیگچے کا چھپادیں اور تلے آگ جلائیں تا کہ جھاگ اور میل اوپر آنے لگے اس کو کفگیر سے دور کرتے رہیں جب گوشت خوب صاف ہوجائے اور شوربا بقدر ڈیڑھ سیر کے باقی رہ جائے تو دوسرے دیگچے میں گھی ڈالیں لونگ ۹ ماشہ اور الائچی سفید ۹ ماشہ پانی میں بھگو کر یہ پانی گھی پر ڈال کر جوش کریں اور صرف صاف شوربا بوٹیوں سے جدا کر کے اس گھی میں ڈال کر بھونیں پھر دوا لیں اور میوے کہ تر کر رکھے ہوں بھبکے میں ڈالیں اور یہ شوربا بھی ڈال دیں جتنا ماء اللحم کھینچنا منظور ہو اس سے دو چند پانی ڈالیں اور مناسب یہ ہے کہ چار بوتل عرق کھینچیں اور عطریات کی پوٹلی نیچے کے منہ میں رکھ دیں خوراک ۳ تولہ اور دوائیں مع میووں کے اس وزن میں ایک سیر چاہیں۔

ماء اللحم۔ برائے مریض فالج ولقوہ:

اجزاء: حلوان کا گوشت چربی اور ریشے سے پاک کر کے آدھ سیر۔ دانہ الائچی سفید۔ پودینہ خشک ہر ایک ۶ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ زیرۂ سیاہ ۶ ماشہ۔ ادرک ۶ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ اس میں ملا دیں اور ایک تپائیں درمیان دیگچی کے رکھ کر اس کے تلے گوشت رکھ دیں اور تپائیں کے اوپر چاندی کا پیالہ دھر دیں اور دیگچی کے اوپر سر پوش اوندھا رکھ کر منہ کے چاروں طرف آٹا لگا دیں اور تلے دھیمی آنچ جلائیں اور سر پوش میں پانی بھر دیں جب پانی گرم ہوجائے تو دوسرا سرد پانی بدل دیں دو تین بار کے پانی بدلنے میں خالص مایئت مقطر ہوجائے گی اس کو کام میں لائیں۔

ماء اللحم برائے رعشہ وضعف مزاج:

گوشت بز فربہ ۱۰ سیر۔ الائچی سفید ۶ تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ۔ لونگ ۳ تولہ۔ اجوائن ۶ تولہ۔ زعفران ۱/ تولہ۔ سب کو دیگچے میں بھر دیں اور اس کو گل حکمت کر دیں اور گلاب خالص ۵ سیر بھی اس میں ڈال دیں۔ عنبر اشہب ۳ ماشہ۔ نیچے کے منہ پر باندھ دیں اور تلے دھیمی آنچ کر کے عرق کھینچیں۔ مقدار خوراک آدھ پاؤ پختہ۔

ماء اللحم برائے مالیخولیائے مراقی۔ گوشت حلوان ۴ مار۔ گوشت مرغ جوان کہ ابھی اس نے اذان نہ دی ہو ۴ عدد۔ گوشت تیتر ۹ عدد ان کی یخنی بدستور تیار کرلیں۔ جن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ گل گاؤزبان۔ برگ گاؤزبان۔ گلاب کے پھول۔ بلی لوٹن۔ ہر ایک ۴ تولہ۔ پوست ترنج۔ بسفائج۔ درونج عقربی۔ چائے۔ الائچی سفید۔ الائچی سرخ۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ ریشم خام ۲۵ تولہ۔ عرق شاہترہ ایک سیر۔ عرق بادرنجبویہ ایک سیر۔ عرق کیوڑہ مار داخل کر کے بطریق معمول چار سیر عرق کھینچ لیں خوراک ۴ تولہ سے ۶ تولہ تک۔

مغلظ منی

سفوف: جریان منی کو مفید ہے۔

مغلظ منی

: جریان منی کو مفید ہے۔

: بیجبند۔ تالمکھانا۔ سمندر سوکھ۔ تج۔ ڈھاک کا گوند۔ ہموزن

ور پیس کر ان سب کی برابر کھانڈ ملا کر ۷ ماشہ سے ایک تولہ

نوش کریں۔

سفوف۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔

اء۔ اُردکی دال ۵ تولہ لیں اور پیاز چھل کر اس کا اتنا پانی نچوڑ

۔ وہ دال اُس پانی میں بھیگ جائے رات بھر بھیگا رکھ کر صبح کو مل

چھلکے اُتار ڈالیں اور خشک کرلیں پھر موصلی سفید ۵ تولہ۔ املی

بیجوں کی مینگ ۲ تولہ۔ چھواروں کی گٹھلی ۱ / تولہ ان سب کو خوب

یک کر کے مصری ۱۰ / تولہ پیس کر ملا کر رکھ لیں اور شب کو سوتے

کھانا کھانے سے ایک پہر کے بعد ایک تولہ یہ سفوف پاؤ بھر

کے ساتھ پھانک لیا کریں۔

سفوف مغلظ منی:

۔ بیجبند۔ تالمکھانا۔ چینا گوند۔ موچرس۔ ناگوری گوند۔ سنبھل

موسلہ۔ گل سرخ۔ نخود بریان مقشر ہر ایک ایک تولہ۔ ان کو کوٹ کر

چھان لیں۔ ہموزن کھانڈ ملا کر ۷ ماشہ۔ گائے کے آدھ پاؤ دودھ

کے ساتھ پھانکا کریں۔

۔ بڑھ کے درخت کی کونپل۔ درخت کھرنی کی جڑ کی چھال۔

مغز تخم کونچ۔ سپستان۔ موچرس۔ بول کی کچی پھلی سب کو برابر لے

سفوف بنالیں خوراک ایک تولہ تک ہمراہ دودھ کے۔

مفرح شیخ بوعلی:

حکیم مومن کہتا ہے کہ فی الواقع یہ ترکیب نہایت عمدہ ہے اور مکرر

میرے والد مرحوم نے تجربہ کیا ہے تھوڑا سا تصرف اس

زیادتی اور کمی کے ساتھ کرنے سے ہر مزاج کے موافق آجاتی

۔ وحشت سوداوی اور انواع مالیخولیا کو مٹاتی ہے۔ تفریح نشاط پیدا

کرتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوت پہنچاتی ہے۔ کمزوروں کے لیے بہت نافع ہے۔ امراض معدہ وخفقان کو بہت نافع ہے۔

اجزاء: مروارید ناسفتہ۔ کہربا۔ مونگے کی جڑ ہر ایک ۵ ماشہ۔ ریشم کترا ہوا ۴ ماشہ ۶ رتی۔ سرطان نہری جلایا ہوا ۴ ماشہ ۶ رتی۔ گاؤ زبان ۱۷ ماشہ۔ سونے کے ورق ۱۲ رتی۔ تخم فرنجمشک ۱۰ ماشہ۔ تخم بادروج ۱۰ ماشہ۔ تخم بادرنجبویہ ۱۰ ماشہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ اگر۔ حجر ارمنی شستہ۔ لاجورد شستہ۔ مصطگی۔ سلیخہ۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ دارچینی ۴ ماشہ۔ زعفران۔ دانہ الائچی سفید۔ دانہ الائچی سرخ۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ افتیمون ۸ ماشہ۔ اسطوخودوس ۱۰ ماشہ۔ جدوار ۴ ماشہ۔ یا نرکور ۹ ماشہ۔ درونج ۹ ماشہ۔ تخم کاسنی ۱۷ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۱۴ ماشہ۔ ترنجبین ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ گل سرخ ۱۴ ماشہ۔ مشک ۹ ماشہ۔ کافور ۴ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ بالچھڑ ۷ ماشہ۔ تیز پات ۷ ماشہ۔ شہد تگنا بدستور معجون بنالیں۔ بنانے سے چالیس ۴۰ دن کے بعد ساڑھے چار ماشہ کھایا کریں۔

جہاں کہ گرمی کا غلبہ ہو زعفران اور مشک سوا دو ماشہ ملائیں۔ اور افتیمون موقوف کردیں اس کی جگہ سنائے مکی ۱۴ ماشہ شاہترہ ۱۴ ماشہ اضافہ کریں۔ اور گلاب کے پھول ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ تخم خرفہ مقشر ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ بنسلوچن ۱۷ ماشہ۔ تخم کاہوے مقشر ۳ ماشہ۔ صندل سفید ۱۰ / ماشہ۔ بڑھادیں باقی اجزا بدستور رکھیں۔

مزاج سرد میں جوتری۔ بجورے کا چھلکا۔ عود بلسان۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ جند بیدستر ۹ ماشہ۔ اصل ترکیب پر زیادہ کردیں۔ اور کافور کے ماشہ بھی ملادیں۔ اور گرم مزاج والے کو چاہیے کہ نصف مقدار خوراک ہمراہ بنسلوچن ۴ ماشہ کے کھا کر اوپر سے سرد پانی پی لے اور سرد مزاج والا پوری مقدار خوراک ۶ رتی ہینگ کے ساتھ نوش کرے۔

حکیم علی شرح قانون میں لکھتا ہے کہ میں نے اس ترکیب کے ساتھ

کئی سرداروں اور امیروں کا علاج کیا۔ جن کا مالیکولیا نہایت دشواری کے ساتھ مانیا کی طرف منتقل ہوگیا تھا اور نسخہ معتدل میں ۴ ماشہ یاقوت سرخ میں نے بڑھادیا اور بہت نفع دیکھا اور مریض کی حالت ناامیدی نے اصلاح حاصل کرلی۔

مربائے سونٹھ:

گرم وخشک ہے پیشاب کھول کرلاتا ہے۔قوت باہ زیادہ کرتا ہے بلغمی پتوں کومفید ہے اززادغریب۔

اجزاء۔سونٹھ کو ۲۰ روز پانی میں تر رکھیں پھر ٹکڑے کرکے شہد کے پانی میں جوش دیں جب پانی جل جائے تو ایک برتن میں ڈال کر شہد بھر دیں تاکہ پروردہ ہوجائے اور یوں بھی تیار کرتے ہیں کہ ستھوا سونٹھ کو ریت میں دفن کردیں اور بیس روز دفن رکھیں اور ہر روز اس پر پانی چھڑکتے رہیں پھر نکال کر دھو کر شہد میں جوش کریں یہاں تک کہ تار بندھنے لگے۔

معجون

بڑھاپا اگر جلدی آجائے تو اس سے نفع ہوتا ہے۔ بال بے وقت سفید ہوجائیں تو اس سفیدی کو دور کرتی ہے۔ بالوں کی سیاہی کی حفاظت کرتی ہے۔

اجزاء۔ سیاہ ہڑ ۲ تولہ۔ بہیڑے کا چھلکا ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ ۴ رتی۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ گلاب کے پھول ۳ ماشہ۔ بچھ ۳ ماشہ۔ کندر ۱ تولہ۔ بنسلوچن ۱ تولہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ کاسنی کے بیج ۹ ماشہ۔ کوٹ کر چھان لیں اور مربائے ہلیلہ کی چاشنی میں ملا کر معجون بنا لیں خوراک ۱۰ / ماشہ۔

فرزجہ۔رحم کے پھوڑے پھنسی کومفید ہے۔

اجزاء؛ کندر۔ انزروت۔ دم الاخوین جوز السرو۔ انار کا چھلکا۔ گلاب کے پھول۔ پھٹکری سب کو بارتنگ کے پتوں کے پانی میں پیس کر کپڑا لت کرکے فرزجہ کریں۔

فرزجہ:

حیض جاری کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔

اجزاء۔ مرکی۔ پودینہ ہرایک ایک تولہ۔ سداب خشک ۲ تولہ۔ مویز منقے ۵ تولہ۔ ابہل ۲ تولہ۔ کوٹ چھان کرگائے کے پتے میں ملاکر فرزجہ کریں۔

فرزجہ۔ حیض کا خون روکتا ہے۔

اجزاء۔ مرداسنگ۔ پھٹکری۔ گل مختوم۔ گل ارمنی۔ گلاب کے پھول۔ سرمہ۔ ہموزن پیس کرکام میں لائیں۔

فرزجہ۔ بہت قوی ہے:

اجزاء۔ آس کے پتے۔ مازو جلایا ہوا۔ سرمہ۔ نشاستہ۔ ہرایک ۱۷ ماشہ۔ گل ارمنی ۱۰ / ماشہ۔ پھٹکری جلائی ہوئی ۷ ماشہ۔ ببول کا گوند ۷ ماشہ۔ اول انار ترش کو پکا کر کپڑا اس سے بھگو کر دواؤں کے سفوف سے لت کرکے فرزجہ کریں اگر ہر روز لاکھ کا ثفل جس کو زرگر زرمرد کہتے ہیں۔ ۴ ماشہ لے کر پیس کر مرغی کے انڈے کی زردی پکی ہوئی میں ملا کر کھلادیا کریں۔ تو تخلف نہ کرے مکرر تجربے میں یہ علاج آچکا ہے۔

ایضاً۔ پوست انار۔ مازو۔ سبز کاغذ جلایا ہوا۔ کہربا۔ گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ سنگجراحت۔ گل ملتانی اقاقیا۔ انار کے پھول باریک پیس کرکام میں لائیں۔

فرزجہ۔ خون حیض کو بند کرتا ہے۔

اجزاء: ببول کا گوند۔ کافور۔ ہرایک ۳ ماشہ۔ انار کے پھول ۱۰ / ماشہ۔ ہرادھنیا ۲ تولہ ۴ رتی۔ موافق معمول کے کام میں لائیں۔

از: قادری وتحفہ وشریفی۔

ایضاً: نار کے پھول۔ مازو۔ کندر۔ سرمہ۔ اقاقیا۔ پھٹکری ہر ایک ۳ ماشہ سب کو پیس کر ہرے بارتنگ کے پتوں کے پانی میں یا

گلاب میں ملا کر فرزجہ کریں اگر کمر اور پیڑو پر ضماد کریں تو بھی
مجرب ہے از خلاصہ وعلاج الامراض۔

حب بواسیر:

ریٹھہ تولہ چاکسو لے نکال کر مقشر کرلیں اور اس کی برابر اسگند
لے کر دونوں کو کھرل میں ڈال کر نیم کے پتوں کے پانی کے
ساتھ رگڑ کر چنے کی برابر گولیاں بنالیں اور ہر صبح کو ایک گولی نہار منہ
کھایا کریں اور نیم کے پتوں کے جوش کیے ہوئے پانی سے استنجا
کرتے رہیں۔

گوگل کی گولی۔ ریح البواسیر کو نافع ہے:

نسخہ برائے رعشہ و سگ گزیدہ۔ پوست بیخ اڑوسہ۔ پوست درخت
نیم۔ گلوے سبز۔ پٹول پات۔ پوست بیخ کٹائی خاردار ہر ایک ۶
تولہ۔ گائے کا گھی ۱۶ پیسہ بھر سب دواؤں کو ڈھائی سیر پانی
میں جوش دیں اور جب آدھ سیر پانی باقی رہے تو مل کر صاف کرکے
کسی کڑھائی میں ڈال کر اس کے تلے دھیمی دھیمی آگ جلائیں اور
اوپر سے اُس پانی کے چھینٹے تھوڑے تھوڑے دیتے جائیں جب
تمام پانی جل جائے صرف گھی باقی رہ جائے تو ایک تولہ یہ گھی مونگ
یا اُرد کی دال میں ڈال کر روٹی سے کھالیا کریں۔

سفوف زہر مہرہ: خفقان کو مفید ہے دل کو قوت دینے کے لیے بے حد
نافع ہے۔ یہاں تک کہ سفوف مروارید کا قائم مقام ہے۔
اجزاء۔ زہرہ مہرہ۔ بنسلوچن ہر ایک تین ماشہ۔ دانۂ الائچی سفید۔
کشنیز مقشر۔ بہمن سرخ بہمن سفید نو نو ماشہ۔ گلاب کے پھول۔ گاؤ
زبان۔ تیزپات۔ صندل سفید۔ آنولہ۔ ہلیلہ کابلی کا چھلکا ہر ایک
ماشہ۔ چاندی کے ورق ۱ ماشہ اول زہر مہرے اور صندل کو گلاب
میں گھس لیں اور آنولوں کو دودھ میں بھگو کر خشک کرلیں اور ہر دو ن
کو علیحدہ پیس کر روغن بادام یا گائے کے گھی میں چکنا کرلیں پھر
تمام دواؤں کو پیس کر باہم ملالیں اور مناسب مقدار میں پھانکا
کریں یا سیب کے شربت میں ملا کر چاٹ لیا کریں۔

طرد حشرات

طرد مار۔ بارہ سنگھے کی روشنی سے سانپ بھاگتا ہے۔
ایضاً۔ قرشی کہتا ہے کہ گندھک اور نوشادر کو پانی میں گھول کر چھڑکنے
سے سانپ بھاگتا ہے اور رائی سانپ کو مار ڈالتی ہے۔
ایضاً۔ بکری کا اون۔ گندھک۔ آدمی کے بال۔ برنجاسف۔ بیخ
سوسن۔ عاقرقرحا۔ وغیرہ کی دھونی سے بھی سانپ بھاگتا ہے۔
طرد عقرب۔ گندھک۔ گدھے کا سُم۔ ہرتال اور بکری کی چربی کی
دھونی سے بچھو بھاگتا ہے۔ ہینگ کا پانی۔ اندرائن کے پھل کا
جوشاندہ مولی یا لہسن کا جوشاندہ مکان میں چھڑکنے سے بھی بچھو
بھاگ جاتے ہیں۔ مولی کا پانی یا پتا بچھو پر ڈال دینے سے مر جاتا
ہے۔ مولی کے کھنڈے اس کے سوراخ پر رکھ دیں تو کبھی باہر نہ
نکلے۔ بجورے لیمو کے بیجوں کا تیل بدن پر لگانے سے بچھو پاس
نہیں پھٹکتا۔

ماء الزوفا

ربو اور ضیق النفس کو نافع ہے۔

اجزاء۔ عناب ۲۰ دانہ۔ سپستان ۳۰ دانہ۔ انجیر ۱۰ اعدد۔ مویز منقے
۵ تولہ ۱۰ ماشہ۔ تخم خطمی ۱۰ ماشہ تخم خبازی ۱۰ ماشہ۔ اصول اسوس
مقشر ۷ ماشہ۔ قنطوریون دقیق ۱۴ ماشہ۔ قنطوریون غلیظ ۱۴ ماشہ۔
پوست بیخ کبر ۱۴ ماشہ حاشا ۱۴ ماشہ۔ پودینہ کوہی ۱۴ ماشہ۔ شیخ
ارمنی ۱۴ ماشہ۔ مصطگی ۷ ماشہ۔ بالچھڑ ۷ ماشہ۔ ایرسا ۱۰ ماشہ۔
فراسیون ۱۰ ماشہ زراوند مدحرج ۱۰ ماشہ ان کو ڈیڑھ سو تولہ پانی میں
جوش دیں۔ جب ۴۲ تولہ پانی جل جائے تو صاف کرکے ہر روز ۹
تولہ ۲ ماشہ ہمراہ معجون قفی ۴ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۳۵ ماشہ کے پی لیں
اگر زیادہ قوی چاہیں تو ۲ ماشہ تریاق اربعہ بھی شامل کرلیں۔

از: کامل الصناعۃ۔

طلا: بال اُگا تا ہے:

اجزاء: اطبائے متقدمین کا اعتقاد یہ ہے کہ اگر کندش کو مرغ کی چربی کے روغن میں ملا کر طلا کریں تو بدن کے ہر حصے میں بال اُگ جائیں یہاں تک کہ ہتھیلی میں بھی نکل آتے ہیں۔

طلا: اس سے بالوں کا نکلنا بند ہو جاتا ہے۔ آب انجیر۔ بیضۂ شتر مرغ۔ سمندر جھاگ۔ آب ترنج ان کو پیس کر ۳ مرتبہ لگانے سے بالوں کا نکلنا بالکل موقوف ہو جاتا ہے۔

فالودہ

خون کے دستوں کو نافع ہے از عجالہ نافع۔

اجزاء: نشاستہ ۱۳ ماشہ۔ ببول کا گوند ۲ تولہ۔ اسپغول ۹ ماشہ۔ بارتنگ ۹ ماشہ۔ موافق دستور کے فالودہ بنالیں اور شربت صندل میں حل کر کے کھائیں۔

دیگر: عورت کا دودھ بڑھاتا ہے:

اجزاء: نشاستہ ۹ ماشہ لے کر شیرۂ مغز چلغوزہ۔ شیرۂ چانول۔ شیرۂ مغز پنبہ دانہ۔ شیرۂ مغز تخم خیارین۔ شیرۂ مغز انجکک۔ شیرۂ مغز چرونجی۔ شیرۂ مغز حب الزلم۔ شیرۂ تخم چقندر۔ شیرۂ مغز بادام۔ شیرۂ مغز پستہ۔ شیرۂ حبۃ الخضر اشیرۂ تخم قرطم۔ شیرۂ مغز تخم آلو بالو۔ شیرۂ مغز فندق۔ شیرۂ تخم اسپست۔ شیرۂ دانۂ الائچی سفید۔ شیرۂ تخم بستان افروز ہر ایک ۷ا ماشہ۔ زعفران اماشہ۔ ان کو آگ پر پکائیں اور مصری بقدر ذائقہ ملائیں۔ زعفران گلاب میں پیس کر آخر میں داخل کریں اور تیار ہونے کے بعد تین پیالوں میں بھر کر ۳ روز تک صبح کو کھایا کریں۔

اُسرول

(مختلف نام) اُسرول (اردو) راؤولفیا سرپن ٹینا (Serpen Tina rauwolfia) (انگریزی) اوفی آکسی لان سرپن ٹائینم (Ophoxy lon serpentinum) (لاطینی) سرپ گندھا۔ چندرکا (سنسکرت) عودالحیہ (عربی) چھوٹی چند۔ چھوٹا چاند۔ پاگل جڑی۔ چندر بھاگا۔ دھول۔ بروا (ہندی) (وجہ تسمیہ) چونکہ پاگلوں کے علاج کے لیے یہ جڑی پیغام شفا ہے اس کو پاگل جڑی کے نام سے موسوم کیا گیا۔ چونکہ اس جڑی کی بو سے سانپ دور بھاگتا ہے اور یہ سانپ کے زہر کا تریاق ہے اس مناسبت سے اس شفا بخش پودے کو سرپ گندھا اور عودالحیہ کہتے ہیں۔

(مقام پیدائش) اسرول کی پیداوار گرم اور مرطوب علاقوں میں ہوتی ہے چنانچہ یہ جڑی بنگال، بہار، آسام، برما، ہمالیہ پہاڑ۔ ٹرانکور۔ لنکا۔ جادہ۔ ملایا وغیرہ میں بکثرت پائی جاتی ہیں۔

(شکل وصورت) اُسرول ایک گنجان جھاڑ دار پودا ہے جو بیشتر دھان کے کھیت میں ہوتا ہے۔ یہ پودا آدھا گز اونچا مرچ کے پودے کے برابر ہوتا ہے اور بالکل اسی طرح اس کی پتیاں بھی لمبوتری ہوتی ہیں۔ اس کی شاخوں کے ہر جوڑ پر بیضوی شکل کے تین چار پتے ہوتے

ہیں۔ شاخ کے سرے پر نارنجی پھولوں کا ایک گچھا ہوتا ہے۔ اگر پتیوں کو توڑا جائے تو اس میں سفید رنگ کی دودھیا رطوبت نکلتی ہے۔ پتوں کا ذائقہ کڑوا اور بونا خوشگوار ہوتی ہے۔

اسرول کے بیج مٹر کے دانے کے برابر سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔ اس کی جڑیں گاؤ دُم شکل کی ہوتی ہیں اور ان کی لمبائی پانچ سے ۸ انچ تک ہوتی ہے۔ باہر سے جڑوں کا رنگ قدرے بھورا سفیدی میں اور اندر سے سفید زردی مائل ہوتا ہے اور ان کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔ جڑوں کو مٹی وغیرہ سے صاف کر کے خشک کر کے بحفاظت رکھنا چاہیے۔ اگر ان میں ذرا بھی نمی باقی رہ جاتی ہے تو یہ بہت جلد خراب ہوجاتی ہیں جب یہ جڑیں خراب ہوجاتی ہیں تو ان پر سیاہ رنگ کے داغ پڑ جاتے ہیں۔ اور یہ ایسی صورت میں بالکل بے اثر ہوجاتی ہیں۔

افعال وخواص

اسرول ایک زبردست مسکن اعصاب (Sedatne) خواب آور (Hypnotic) مسکن الم (analgesic) دوا ہے۔ یہ جڑی خاص طور پر عصبی ہیجان کے سبب سے لاحق ہونے والے امراض میں بکثرت مستعمل ہے بالخصوص وہ پاگل مریض جو دن رات بکواس کرتے ہیں لوگوں کو مارتے پیٹتے ہوں۔ دوڑنا بھاگنا شور وغل کرنا اور ایذاء رسانی ان کا شعار ہوگیا ہو۔ مینڈ مطلق نہ آتی ہو اس شافی جڑی کے استعمال سے شفایاب ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح ہسٹیریا اور مرگی کے شدید دورے اس کے استعمال پر قطعی رُک جاتے ہیں۔ مسکن اعصاب و دماغ ہونے کی وجہ سے یہ جڑی ہائی بلڈ پریشر کا بھی شافی علاج ہے۔ اس کے استعمال سے دماغی اور قلبی ہیجانی کیفیات کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ عصبی شدید دردسر خواہ کیسا ہی ہو اس کے استعمال سے موقوف ہوجاتا ہے علاوہ ازیں ہر قسم کے عصبی درد اس کے استعمال سے دور ہوجاتے ہیں۔ اس کی پتیوں کا رس دو تین بوند آنکھ میں کچھ روز ڈالنے سے پھولا رفع ہوجاتا ہے۔

یہ جڑی سانپ اور بچھو کے زہر کا تریاق ہے ملیریا اور سوکھا کے لیے مفید ہے۔

(عضوی نظام کے لحاظ سے اسرول کے افعال وخواص)

(عصبی نظام) اُسرول مرکزی نظام عصبی میں خود آئین مراکز پر اثر انداز ہوکر خون کے بڑھے ہوئے دباؤ کو اعتدال پر لاتا ہے۔ یہ دوا خون کے دباؤ میں زیادہ دیر تک گراوٗ پیدا کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے تمام اعصاب کی ہیجانی تحریکات میں سکون پیدا ہوجاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ دماغی اور نفسیاتی ہیجان مثلاً غم وغصہ۔ غضب۔ تشویش۔ روحانی بے چینی اور اضطراب وغیرہ بھی اس کے استعمال سے ماند پڑ جاتے ہیں۔ اور مکمل سکون حاصل ہوجاتا ہے اور نیند آجاتی ہے یہ دوا درد کو تسکین دیتی ہے۔ گفتگو کے مرکز پر بھی اس دوا کا خاص اثر ہوتا ہے۔ یہ دوا درد کو تسکین دیتی ہے۔ چنانچہ بکواس کرنے والے مریض جن کی زبان ایک لمحے کے لیے بھی نہیں رکتی اس کے استعمال سے خاموش اور ساکت ہوجاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خاموش اور دم بخود رہنے والے پاگلوں کو یہ دوا موافق نہیں آتی۔ اس کا دوسرا سبب یہ ہے کہ خاموش رہنے والے مریضوں کے خون کا دباؤ پہلے ہی سے نہایت کم رہتا ہے۔ لہٰذا جب یہ دوا استعمال کرائی جاتی ہے تو خون کا دباؤ بھی کم ہوجاتا ہے۔ اس لیے ایسے مریضوں میں اس کا استعمال بجائے فائدہ کے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔

اسرول کا استعمال اعضائے تناسل کی بڑھی ہوئی حس (ذکاوت حس) کو دور کرنے کے لیے بھی نہایت موثر ہے کیونکہ اس کا مسکن اثر براہ راست جنسی مرکز پر ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے یہ پوٹاشیم برومائیڈ سے زیادہ بہتر اور مفید ہے۔ چونکہ اسرول اعصاب کی تحریک کو ساکن کر دیتا ہے اس کا استعمال تمام تشنجی دوروں والے امراض مثلاً ہسٹیریا اور مرگی وغیرہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ چونکہ اسرول شہوت کے مرکز کو بھی ساکن کر دیتا ہے

اس لیے یہ ہسٹیریا کے لیے بہت زیادہ نافع ہے کیونکہ عموماً مرض ہسٹیریا شہوت کے مرض کی تحریک ہی سے پیدا ہوتا ہے۔

(غذائی نظام) اس دوا کے استعمال سے بعض مریضوں کے آلات ہضم میں خراش پیدا ہوجاتی ہے جس سے قے اور دست کی شکایت ہوجاتی ہے۔ بعض مریضوں کی بھوک اس کے استعمال سے موقوف ہوجاتی ہے یا کم ہوجاتی ہے۔ اس دوا کے استعمال سے قبض کی شکایت موقوف ہوجاتی ہے۔ مذکورہ بالا امراض کے بہت سے مریض جن کو مزمن قبض کی شکایت تھی اس دوا کے استعمال سے جاتی رہی۔ بعض مریضوں کے استعمال سے ہلکی متلی ہر وقت ہوتی رہتی ہے۔

(دورانی نظام) اس دوا کا خاص اثر خون کے دباؤ پر پڑتا ہے چنانچہ اس کے استعمال سے بہت جلد خون کا بڑھا ہوا دباؤ اعتدال پر آجاتا ہے۔ اس دوا کو مسلسل احتیاط کے ساتھ کچھ عرصہ تک استعمال کرایا جائے اور خوراک وغیرہ کی معقول نگہداشت کی جائے تو ہائی بلڈ پریشر کی شکایت قطعی رفع ہوجاتی ہے۔ اور اس کی علامات مثلاً درد سر۔ متلی اور جلن کا احساس۔ بے خوابی اور گھبراہٹ اختلاجی کیفیتی وغیرہ کی مکمل طور پر بیخ کنی ہوجاتی ہے اور ایک دو ہفتے میں مکمل آرام ہوجاتا ہے۔ اسرول میں ایک خاص خوبی یہ ہے کہ اس سے ہائی بلڈ پریشر کی شکایت میں مستقل فائدہ ہوجاتا ہے یعنی اس کے استعمال سے خون کا دباؤ گھٹ جانے کے بعد بڑھتا نہیں اور جب اس کے استعمال سے خون کا دباؤ اصلی حالت پر آجاتا ہے تو بغیر کسی دوا کے استعمال سے وہ بھی اسی نارمل حالت پر قائم رہتا ہے۔

وہ مریض جن کو ضعف قلب وغیرہ کی شکایت ہو انہیں یہ دوا احتیاط کے ساتھ استعمال کرائی جائے بلکہ اس دوا کے دوران استعمال میں اس کے ساتھ مقوی قلب ادویہ مثلاً یاقوت محلول، یشب سبز محلول۔ خمیرہ گاؤزباں فقیری، جواہری، مفرح یاقوتی وغیرہ وغیرہ استعمال کرائی جائیں۔

(تنفسی نظام) اسرول کے استعمال سے ہوائی نالیوں میں قدرے کشادگی پیدا ہوجاتی ہے اور ان میں پتلی رطوبت پیدا ہونے لگتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ دوا پوٹاشیم آئیوڈائیڈ سے بہت زیادہ مشابہت رکھتی ہے۔ اسی وجہ سے بعض مجربین اس دوا کو پرانی کھانسی اور خشک دمہ کے لیے مفید بتاتے ہیں۔ چونکہ یہ دوا ہوائی نالیوں کی رطوبت میں اضافہ کردیتی ہے اس لیے دیگر امراض میں اس کے استعمال سے کھانسی پیدا ہوسکتی ہے۔

(اسرول کے مخالف اثرات) اگر اسرول کو زیادہ مقدار میں استعمال کرایا جائے تو اکثر اس کے استعمال سے کانوں میں سنسنا ہے۔ ہاتھ پاؤں میں کپکپی پیدا ہوجاتی ہے۔ دل بیٹھنے لگتا ہے۔ نہایت سستی اور ماندگی پیدا ہوجاتی ہے۔ آلات ہضم میں خراش آجانے سے متلی۔ قے اور دست کی شکایت رونما ہوجاتی ہے۔ ہاضمہ خراب ہوجاتا ہے اور بھوک بند ہوجاتی ہے۔ اکثر پسینہ جاری ہوجاتا ہے اور نبض کی رفتار سست پڑ جاتی ہے لیکن مذکورہ بالا تمام اثرات محض وقتی ہوتے ہیں اور دوا کا استعمال موقوف کردینے سے یہ علامات خود بخود رفع ہوجاتی ہے۔

(اسرول کا عام طریقہ استعمال اور مقدار خوراک) واضح رہے کہ مذکورہ بالا تمام امراض میں اسرول کی صرف جڑیں ہی مستعمل ہیں۔ بقدر تین ماشہ جڑ لے کر مرچ سیاہ پانچ دانہ شامل کرکے پانی میں نہایت باریک پیس کر ملائیں اس کی جڑ کا سفوف نہایت باریک بنا کر ایک ماشہ سے تین ماشہ تک تنہا یا کسی خمیرہ یا گلقند میں ملا کر یا عرق گلاب کے ہمراہ صبح نہار منہ یا صبح شام دونوں وقت حسب ضرورت استعمال کرائیں۔ عام صورت میں پہلے اس کو کم مقدار میں بقدر ایک ماشہ استعمال کرائیں۔ پھر حسب ضرورت اس کی مقدار میں اضافہ کریں لیکن پاگلوں کو شروع ہی سے تین ماشہ استعمال کرائیں۔ بعض پاگلوں کو تو اس کو بقدر چھ ماشہ تک استعمال

۔: پڑتا ہے اور وہ اس مقدار کو بخوبی برداشت کر لیتے ہیں۔ عام صورت میں جب مریض کو اس کے استعمال سے نیند آنے لگے تو پھر مقدار خوراک بڑھانے کی ضرورت نہیں۔ اس دوا کی مقدار خوراک مقرر کرنے میں مرض کی شدت وخفت۔ مریض کی عام جسمانی حالت۔ مزاج۔ عمر اور قلبی حالت کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ بعض مریض اس دوا کی محض ادنیٰ سی خوراک ہی سے بہت زیادہ متاثر ہوجاتے ہیں۔ اور بعض کو بڑی مقدار میں یہ دوا استعمال کرانی پڑتی ہے۔

(مختلف امراض میں اسرول کا استعمال)

(پاگل پن۔ جنون) (Mania) جنون کی وہ قسم جس میں مریض کی طبیعت میں غیظ وغضب، جوش و ہیجان اور غصہ پیدا ہوجاتا ہے وہ خونخوار درندوں کی طرح لوگوں پر حملہ آور ہوتا ہے دوڑتا اور بھاگتا ہے آوارہ گردی کرتا ہے کپڑے پھاڑتا ہے اور یادہ گوئی اور بکواس کرتا ہے رات دن جاگتا رہتا ہے اس کو نیند مطلق نہیں آتی۔ ایسے مریضوں کے لیے اسرول پیغام شفا ہے اور اس کے استعمال سے جنوں حیرت انگیز طور پر رفع ہوجاتا ہے اور پھر وہ اچھی شخصیت کا مالک بن جاتا ہے۔

ایسے مریضوں کو مندرجۂ ذیل نسخے استعمال کرائیں۔

(نسخہ) برگ بادرنجبویہ گل گاؤزبان۔ تخم کاہو۔ اسرول ہر ایک تین ماشہ سب کو عرق بادیان۔ عرق گاؤزواں ہر ایک پانچ تولہ عرق گلاب دو تولہ میں پیس چھان کر شربت صندل دو تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو بجائے شربت صندل کے گلقند آفتابی تین تولہ پیس کر پلائیں۔

(دیگر) اسرول ایک تولہ۔ بادیان۔ دھنیا خشک۔ برگ بادرنجبویہ۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ چھان کر مثل مائدہ کے سفوف کر کے رکھ لیں۔ تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح یا حسب ضرورت صبح اور شام کو خالی پیٹ تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

(دیگر) اسرول۔ برگ بادرنبویہ۔ ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں۔ حسب ضرورت تین ماشہ صبح اور شام کو تازہ پانی کے ہمراہ خالی پیٹ تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

(مرگی) (Epilepsy) ایک مشہور نوبتی مرض ہے جس میں حس وحرکت والے اعضاء اپنے فعل یعنی حس وحرکت میں کم وبیش بے قاعدگی اکتیار کر لیتے ہیں۔ پہلے مریض بے ہوش ہو کر گر جاتا ہے پھر اس کے ہاتھ پاؤں میں اینٹھن شروع ہوجاتی ہے۔ اور منہ سے جھاگ آنے لگتی ہے۔ جھاگ کے ساتھ آواز پیدا ہوجاتی ہے۔ اکثر پیشاب پاخانہ خارج ہوجاتا ہے۔ یہ حالت کچھ دیر تک قائم رہتی ہے پھر کسی ایک طرف کے ہاتھ پاؤں میں جھٹکا لگتا ہے اور مریض لمبے لمبے سانس لیتا ہے اور یہ کیفیت رفع ہوجاتی ہے۔

خفیف مرگی میں اینٹھن وغیرہ نہیں ہوتی بلکہ دفعتاً مریض کرتے کرتے رک جاتا ہے آنکھیں پتھرا جاتی ہیں۔ چہرہ زرد پڑ جاتا ہے۔ اکثر قدرے بے ہوشی آجاتی ہے اور گردن میں اینٹھن ہونے لگتی ہے لیکن بہت جلد یہ کیفیت موقوف ہوجاتی ہے اور مریض پھر اپنے کام میں مصروف ہوجاتا ہے۔

اس خبیث مرض کے لیے بھی اسرول ایک لاجواب دوا ہے۔ ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک سفوف کر کے پانی کے ہمراہ صبح اور شام کو کھلائیں اگر قبض رہتا ہو تو گلقند دو تولہ میں ملا کر یا پسے ہوئے ہڑ کے ایک مربا کے ہمراہ کھلائیں۔

(نسخہ) اسرول۔ عاقر قرحا اصلی ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں بقدر دو ماشہ یہ سفوف صبح اور شام کو تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

(دیگر) اسرول ایک ماشہ۔ اسطوخودوس ایک ماشہ۔ عود صلیب۔ جدوار شیریں ہر ایک چار رتی مثل مائدہ کے سفوف کر کے شہد خالص دو تولہ میں ملا کر صبح کھلائیں۔

(دیگر) اسرول کا سفوف ایک ماشہ معجون نجاح ایک تولہ میں ملا کر صبح کھلائیں۔

(ہسٹیریا)(Hysteria) مرض ہسٹیریا اپنی علامت کے لحاظ سے منشی اور مرگی سے بہت کچھ مشابہت رکھتا ہے اور یہ بھی دورہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ مریضہ بے ہوش ہو کر گر پڑتی ہے ہاتھ پاؤں اینٹھنے لگتے ہیں۔ گاہے مریضہ بکواس کرنے لگتی ہے گاہے چیخ مار کر رونے یا ہنسنے لگتی ہے۔ بعض اوقات مریضہ پاگلوں کی سی حرکات کرنے لگتی ہے۔ وہ کاٹ کھانے کو دوڑتی ہے گاہے اپنے سر کو دیوار سے ٹکرا دیتی ہے۔ اپنے بال نوچتی ہے اور کپڑے پھاڑ ڈالتی ہے۔ بیشتر مریضاؤں میں ایک گولی پیٹ سے اوپر اٹھتا ہوا محسوس ہوتا ہے جو حلق میں پہنچ کر اٹک جاتا ہے مرض کا دورہ ختم ہو جانے پر مریضہ ہانپنے لگتی ہے اس کے اعضاء ڈھیلے پڑ جاتے ہیں اور وہ چپ چاپ لیٹ جاتی ہے۔

(نوٹ) ہسٹیریا کی مکمل معلومات اور تفصیلی علاج کے لیے دیکھیے "نفسیاتی امراض کا علاج" اس مرض میں بھی اسرول تریاق کا کام کرتا ہے:

(نسخہ) جدوار شیریں۔ عود صلیب۔ اسطوخودوس۔ بالچھڑ ہر ایک چھ ماشہ۔ اسرول ڈیڑھ تولہ سب کو کوٹ چھان کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں۔ حسب ضرورت تین ماشہ صبح یا صبح شام نیم گرم پانی سے استعمال کرائیں۔

(فوائد) یہ سفوف ہسٹیریا اور مرگی جیسے امراض کے لیے بمنزلہ تریاق ہے علاوہ ازیں جملہ اقسام کی تشنجی دورے اس کے استعمال سے موقوف ہو جاتے ہیں۔

(تنبیہ) دوران حمل میں اگر ہسٹیریا کی شکایت لاحق ہو جائے تو اسرول کے مرکبات ہرگز نہ استعمال کرائیں کیونکہ اس کے استعمال سے بچہ دانی میں تحریک پیدا ہو جاتی ہے۔

(ہائی بلڈ پریشر)(High Blood Pressure) ایسی شکایت ہے جس میں دردسر۔ دوران سر۔ اختلاج قلب اور بیداری کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ نبض صلب (سخت) اور متواتر ہو جاتی ہے۔ آنکھوں کے سامنے چنگاریاں یا شعلے اٹھتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ شریانیں موٹی اور سخت ہو جاتی ہیں۔ ان میں مسلسل تڑپ کا احساس ہوتا ہے۔ اکثر رگوں کے پھٹ جانے سے جریان خون ہونے لگتا ہے۔ اگر دماغی رگیں پھٹ جائیں تو فالج۔ لقوہ اور قوما جیسے خطرناک امراض پیدا ہو جاتے ہیں عموماً معدہ اور آنتوں کا فعل خراب ہو جاتا ہے۔ کرب و بے چینی۔ احساس پستی۔ دم پھولنا۔ پسینہ کی کثرت وغیرہ جیسی علامات رونما ہو جاتی ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر کے لیے بھی اسرول ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ اسرول کا سفوف ایک ماشہ بکری یا گائے کے دودھ ایک پاؤ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ دودھ میں بجائے شکر کے شربت عناب دو تولہ ملائیں۔

(دیگر) سفوف اسرول ایک ماشہ گلقند آفتابی دو تولہ میں ملا کر صبح کھلائیں۔

(دیگر) سفوف اسرول ایک ماشہ کھلا کر مغز تخم تربزہ ایک تولہ پانی میں پیس کر صبح پلائیں۔

(دیگر) سفوف اسرول ایک ماشہ خمیرہ گاؤزبان گڑیل ایک تولہ میں ملا کر صبح استعمال کرائیں۔

(نسخہ) زہر مہرہ خطائی محلول۔ یشب سبز محلول ہر ایک چار رتی۔ برادہ صندل سفید۔ بنسلوچن اصلی۔ دانہ الائچی خرد ہر ایک چار رتی۔ اسرول ایک ماشہ۔ سب کا مثل مائدہ کے سفوف تیار کر کے خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ میں ملا کر صبح کھلائیں۔

(عسر ولادت)(Tedious Labour) بچے کی پیدائش کے وقت عورت کی زندگی اور موت کا سوال درپیش ہوتا ہے۔ جب ایسا موقع

پیچ رہی ہے۔عورت تڑپ رہی ہو۔بچہ نہ پیدا ہورہا ہو۔زندگی خطرے میں ہوتو اسرول کو نہ بھولیں۔ایسی نازک صورت حال میں بھی یہ دوا اکسیر صفت ثابت ہوتی ہے۔کیونکہ اس میں بچہ دانی کو تحریک پہنچانے اور سکوڑنے کی خاصیت ہے اور اس فعل کے لحاظ سے یہ ارگٹ سے مشابہت رکھتی ہے۔

اس مقصد کے لیے اسرول کا سفوف ایک ماشہ ایک پیالی گرم چائے کے ہمراہ استعمال کرائیں۔اگر اس کو اور زوردار کرنا چاہیں تو کپاس کی جڑ ایک تولہ کے جوشاندہ کے ساتھ کھلائیں۔علاوہ ازیں اس سفوف کو شربت مدر حیض تین تولہ کے ہمراہ کھلانے سے بہت جلد کامیابی ہوتی ہے۔شربت مدر حیض کو گرم پانی میں گھول لیں۔

(نوٹ) شربت مدر حیض کا نسخہ کتاب زنانہ امراض کا علاج میں ملاحظہ کریں۔

آخر میں اسرول کا ایک بہترین نسخہ پیش خدمت ہے۔

(سفوف مفرح خاص الخاص) صدف محلول۔زہر مہرہ خطائی محلول لاجورد مغسول۔یشب سبز محلول۔کہربائے شمعی محلول۔شاخ مرجان محلول۔ہر ایک تین ماشہ۔بنسلوچن اصلی۔گل گاؤزبان۔گل سرخ۔برادہ صندل سفید۔دھنیا خشک۔دانہ الائچی خرد ہر ایک چھ ماشہ۔اسرول ڈیڑھ تولہ سب دواؤں کا مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں۔

(مقدار خوراک) ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ عرق گلاب تین تولہ۔

(فوائد) یہ سفوف اعلیٰ درجہ کا مفرح اور مسکن قلب ودماغ وجذبات ہے۔ہیجان۔تشویش۔قلق اضطراب۔بے چینی۔وحشت۔رنج وغم۔وہم وفکر۔خوف وغصہ الغرض جملہ نفسانی امراض کے استعمال سے رفع ہوجاتے ہیں۔

علاوہ ازیں اس کا استعمال۔ہائی بلڈ پریشر۔خفقان۔جنون۔ہسٹیریا اور اختلاج قلب کے لیے اکسیر صفت ہے۔

(اسرول کے مخالف اثرات)۔اسرول کو زیادہ مقدار میں دینے اور کافی عرصہ تک استعمال کرانے سے بلکہ بعض اشخاص کو کم ہی مقدار میں استعمال کرانے سے ہاتھ پاؤں اور تمام جسم میں کمزوری محسوس ہونے لگتی ہے۔اعضاء شکنی اور بدن میں درد ہونے لگتا ہے حتیٰ کہ بعض مریضوں کو اتنی زیادہ کمزوری کا احساس ہوتا ہے کہ ان کا چلنا پھرنا مشکل ہوجاتا ہے دل ڈوبنے لگتا ہے اور دل کی دھڑکن معمول سے کم ہوجاتی ہے۔چکر آنے لگتا ہے۔منہ سے رال بہنے لگتی ہے۔ہاضمہ خراب ہوجاتا ہے۔متلی اور دست کی شکایت پیدا ہوسکتی ہے۔بھوک موقوف ہوجاتی ہے۔

ادرک

(مختلف نام) ادرک (اردو) آد (ہندی) سنڈھ (پنجابی) زنجبیل تر (عربی) زنجی بر (Zingiber) (لاطینی) جنجر (انگریزی)

(شکل وصورت) ادرک ایک مشہور جڑی ہے جو گھریلو طور پر بھی مستعمل ہے۔اس کی جڑ گرہ دار چپٹی ناہموار شاخ دار ہوتی ہے۔باہر سے اس کا رنگ ہلکا زردی مائل ہوتا ہے۔بو تیز، ذائقہ چرپرا ہوتا ہے۔اس کے پتے لمبے باریک سبز ہوتے ہیں۔اس کی صرف جڑ مستعمل ہے۔ادرک کو خشک کرکے سونٹھ تیار کرتے ہیں۔ادرک ہو یا سونٹھ بے ریشہ عمدہ ہوتی ہے۔اس کی ایک قسم ایسی ہے جس بکثرت ریشے ہوتے ہیں۔یہ عمدہ نہیں۔(افعال وخواص) ادرک کھانا کو ہضم کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ریاح کو تحلیل اور خارج کرتی ہے۔معدہ اور

آنتوں سے بلغمی مواد کو زائل کرتی ہے۔ معدہ جگر اور آنتوں کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ بواسیر گٹھیا اور استسقاء کے لیے نافع ہے۔

مجربات

(۱) لعوق ادرک۔ ادرک کو کچل کر رس نکالیں پھر اس کے ہموزن
شہد خالص ملا کر دو جوش دے کر بحفاظت رکھ لیں۔
(فوائد) بلغمی کھانسی۔ سردی سے کھانسی۔ گرفتگی آواز اور ٹھنڈک سے زکام اور نزلہ کے لیے اکسیر ہے۔
(ترکیب استعمال) نصف سے ایک چمچہ تک روزانہ تین چار مرتبہ چٹائیں۔
(۲) چٹنی۔ ادرک دو تولہ۔ نمک سیاہ تین ماشہ۔ سوڈا بائی کارب ایک ماشہ کو ملا کر پیس کر آب لیموں کاغذی چھ ماشہ ملا کر رکھ لیں۔
(فوائد) نہایت ہاضم طعام۔ کاسر ریاح اور مقوی معدہ ہے۔ اس کے استعمال سے بھوک خوب لگتی ہے۔ کھانا بہت جلد ہضم ہو جاتا ہے۔ متلی دور ہو جاتی ہے اور گیس کی شکایت موقوف ہو جاتی ہے۔ ریاحیں خارج ہو کر نفخ اور درد شکم کی شکایت مٹ جاتی ہے۔
(ترکیب استعمال) ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ تک حسب ضرورت غذا کے آدھا گھنٹہ بعد یا ایک گھنٹہ پہلے یا جب بھی ضرورت ہو چٹائیں۔
(۳) ہضمینا۔ آب ادرک تازہ دس تولہ۔ آب پودینہ تازہ پانچ تولہ۔ آب لیموں کاغذی تین تولہ۔ شکر سفید ۲۵ تولہ۔ سب کو باہم ملا کر قوام تیار کریں پھر دانہ الائچی خرد۔ دانہ الائچی کلاں۔ زیرہ سفید۔ گل سرخ مرچ سیاہ۔ دارچینی۔ بنسلوچن اصلی۔ پوست لیموں کاغذی۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر مثل مائدہ کے سفوف بنائیں اور اس سفوف کو مذکورہ قوام میں ملا کر جوارش تیار کریں۔
(فوائد) یہ دوا ہاضمہ کو بہت قوی کرتی ہے۔ بھوک پیدا کرتی ہے۔ گیس کو خارج کرتی ہے اور گیس سے پیدا ہونے والی تمام شکایات کو دور کرتی ہے۔ نہایت مقوی معدہ ہے۔ کھانے کے بعد نفخ اور پیٹ کے بوجھ کو مٹاتی ہے۔ متلی اور قے کو مٹانے کے لیے اکسیر ہے۔ درد شکم کو دور کرتی ہے۔ بہترین چیز ہے۔
(ترکیب استعمال) چھ ماشہ سے ایک تولہ تک کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد یا حسب ضرورت کسی وقت استعمال کرائیں۔
(نوٹ) اگر تازہ پودینہ دستیاب نہ ہو تو خشک پودینہ ڈھائی تولہ لے کر آدھ پاؤ پانی میں پیس چھان کر نسخہ میں شامل کر لیں۔
(۴) اکسیر ہاضم۔ آب ادرک تازہ۔ آب مغز گھیکوار تازہ ہر ایک ایک پاؤ نمک سیاہ لاہوری چوکیا سہاگا بریاں۔ نوشادر پاپڑیا ہر ایک ڈھائی تولہ۔ جملہ خشک چیزوں کو سفوف کر کے آب ادرک اور آب مغز گھیکوار میں ملا کر بوتل میں ملا بھر کر مضبوط کاگ لگا کر ایک ہفتہ تک تیز دھوپ میں اگر تیز دھوپ نہ ہو تو دس روز تک دھیں بعد ازاں کپڑے میں چھان کر بوتل میں بھر کر بحفاظت رکھ لیں۔
(فوائد) درد شکم۔ بھوک کی کمی۔ ہاضمہ کی خرابی۔ گیس کی شکایت قبض نفخ شکم۔ ورم جگر۔ طحال کے لیے اکسیر کامل ہے بہترین نسخہ ہے۔
(۵) روغن دافع درد۔ آب ادرک تازہ۔ آب برگ زرد۔ تازہ ہر ایک دس تولہ۔ سرسوں کا تیل پندرہ تولہ۔ سب کو ملا کر آگ پر پکائیں جب سارا پانی جل جائے اور خالص تیل رہ جائے تو بحفاظت رکھ لیں۔
(فوائد) ہر قسم کے درد کو دور کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ (ترکیب استعمال) تیل کو گرم کر کے مقام ماؤف پر مالش کریں۔

برہمی بوٹی

(مختلف نام) برہمی بوٹی (اردو۔ پنجابی) برہمی (ہندی) سرسوتی براہمی (سنسکرت) دودھیا براہمی (گجراتی) برہمی شاک تھال کنی (بنگالی) اودے لگ (کرناٹکی) سبرنی چیٹو (تلنگی) انڈین چینی واٹ (انگریزی) ہائڈروکوٹائیل ایشاشیکا (لاطینی)

(مقام پیدائش) پنجاب۔ لنکا۔ سنگاپور۔ یوپی کے بعض اضلاع وغیرہ نیز دیگر مقامات کی ندی تالابوں اور نالوں اور نمناک زمینوں میں یہ بوٹی پیدا ہوتی ہے۔

(شکل وصورت) اس کے پتے گول کسی قدر دندانہ دار اور پتوں کی چوڑائی تقریباً پون انچ ہوتی ہے۔ اس کی شاخیں جڑ میں سے نکلتی ہیں اور ہر شاخ کے سرے پر ایک پتہ لگا ہوا ہے۔ شاخیں پتلی اور تقریباً ایک بالشت تک لمبی ہوتی ہیں۔ اس بوٹی کا ذائقہ تلخ اور سبزی مائل ہوتا ہے۔ جڑ کی شکل گلابی ہوتی ہے۔ تازہ پتے دبیز ہوتے ہیں لیکن سوکھنے پر پتلے پڑ جاتے ہیں۔ پتوں کی پست کی طرف رگیں ہوتی ہیں۔ جو سوکھ کر ابھر آتی ہیں۔ اس کی کلی ماش کے دانے کے برابر ہوتی ہے۔ جو کھل کر نھا سا زرد پھول بن جاتا ہے۔ یہ زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہے اور یہی مستعمل ہے۔ اس کی ایک قسم اور ہے جو پودوں کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔

(افال وخواص) اس بوٹی کا خاص تعلق دماغ۔ ذہن اور عقل سے ہے اور دماغ کے لیے بہترین ٹانک ہے۔ اس کے استعمال سے دماغ میں زبردست قوت پیدا ہوتی ہے۔ عقل اور ذہن میں اضافہ ہوتا ہے۔ کند ذہنی اور نسیان (بھول) کی شکایت دور ہجاتی ہے۔ بھولی بسری باتیں یاد آنے لگتی ہیں۔ حافظہ نہایت قوی ہوجاتا ہے جو باتیں سنی جاتی ہیں اور جو سبق پڑھایا جاتا ہے بلت جلد ذہن نشین ہوجاتا ہے۔ علاوہ ازیں مالیخولیا اور سیزوفرینیا وغیرہ جیسے امراض کے لیے اکسیر ہے اس کے دوران استعمال میں گھی مکھن اور ملائی استعمال کرائی جائے۔

مجربات

(۱) برہمی بوٹی تازہ تین ماشہ یا خشک ڈیڑھ ماشہ۔ مرچ سیاہ پانچ دانہ پانی میں پیس کر صبح نہار منہ پلائیں۔

(فوائد) نہایت مقوی دماغ۔ دافع نسیانی ہے یہ دوا عقل میں اضافہ کرتی ہے۔ مالیخولیا کے لیے مفید ہے۔

(۲) برہمی تین ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر ۵ عدد مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم تربزہ۔ مغز پستہ۔ ہر ایک تین ماشہ۔ دانہ الائچی خورد تین عدد سب کو پانی میں نہایت باریک پیس کر مصری دو تولہ ملا کر علی الصباح پلائیں۔ (فوائد) یہ شیرہ اعلیٰ درجے کا دماغی ٹانک ہے۔ اس کے استعمال سے دماغ کی ہر قسم کی کمزوری دور ہوجاتی ہے۔ دردسر۔ چکر۔ نسیان اور دماغی الجھن کی شکایت دور ہوکر عقل اور ذہن میں اضافہ ہوتا ہے۔

(۳) برہمی بوٹی تین تولہ۔ مغز بادام شیریں پانچ تولہ۔ مغز خندق۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم تربزہ۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ایک تولہ مغز دھنیا خشک۔ دانہ الائچی خرد۔ بنسلوچن اصلی۔ بہمن سفید۔ موصلی سفید ایک ایک چھ ماشہ سب کا مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں اور مصری پانچ تولہ سفوف کر کے ملائیں اور بحفاظت رکھ لیں۔ (فوائد) یہ سفوف حافظ کو اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔ عقل میں اضافہ کرتا ہے۔ ذیابیطس ۔۔قت منی کو دور کرتا ہے۔ آواز کو صاف کرتا ہے بہترین چیز ہے۔

(ترکیب استعمال) چھ ماشہ سفوف ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ صبح نہار منہ کھلائیں۔

(۴) برہمی۔ مغز بادام شیریں مقشر ہر ایک سات تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ سب کو سفوف کریں۔ (فوائد) دماغی اور ذہنی کمزوری کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ بھول کی شکایت اس کے استعمال سے موقوف ہو جاتی ہے۔

(ترکیب استعمال) تین ماشہ صبح ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

(۵) برہمی بوٹی۔ سنکھا ہولی بوٹی ہر ایک تین ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر پانچ دانہ۔ دانہ الائچی خرد تین عدد۔ مرچ سیاہ پانچ عدد۔ مغز تخم کدوئے شیریں تین ماشہ پانی میں پیس کر مصری ایک تولہ ملا کر صبح نہار منہ پلائیں۔

(فوائد) یہ نسخہ بھی مذکورہ بالا فوائد کا حامل ہے۔ علاوہ ازیں یادداشت کو دوبالا کرتا ہے۔

(۶) برہمی بوٹی۔ سنکھا ہولی۔ بوتی ہر ایک تین ماشہ مصری دو تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے تو چھان کر صبح پلائیں۔

(فوائد) ہر قسم کے مالیخولیا کے لیے نہایت مفید ہے۔ اس کے استعمال سے وحشت اور گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے۔

(۷) برہمی۔ درج کوٹ۔ میٹھا۔ سنکھا ہولی دانہ۔ الائچی خرد ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں۔ بقدر تین ماشہ شہد خالص دو تولہ میں ملا کر صبح چٹائیں۔ (فوائد) مرگی اور ہسٹیریا کے لیے نافع ہے۔

(۸) برہمی گھرت۔ یہ ایک ویدک کا مشہور نسخہ ہے۔ ترکیب درج ذیل ہے۔ برہمی بوٹی تازہ مسلم کو قدرے پانی کی مدد سے کچل کر دو سیر پانی حاصل کریں پھر گائے کا گھی خالص آدھ سیر شامل کر کے پکائیں جب پانی جل جائے اور خالص گھی رہ جائے تو چھان لیں۔ پھر ہلدی دیسی۔ پوست آملہ کوٹ میٹھا۔ تربد موصوف (گھٹلی نکالا ہوا) پوست ہلیلہ زرد ہر ایک دو تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پیپل۔ نمک لاہوری۔ وچ ہر ایک چھ ماشہ کو لیکوب کر کے آٹھ گنا پانی میں پکائیں جب چوتھائی پانی رہ جائے چھان لیں اب اس کو تیار شدہ گھی میں ملا کر پھر پکائیں جب صرف گھی باقی رہ جائے تو چھان کر بحفاظت رکھ لیں۔

(فوائد) دماغ ذہن اور حافظہ صبح پلائیں۔

(ضروری نوٹ) برہمی بوٹی اس پورے بیان میں جہاں تازہ لکھی گئی ہے وہاں تازہ استعمال کرائیں ورنہ یہ بوٹی تازہ اور خشک دونوں استعمال کرائی جا سکتی ہیں۔ یہ بوٹی خشک مردوا فروشوں کے یہاں بخوبی مل جاتی ہے۔

(۹) کشتہ نقرہ۔ ورق نقرہ اصلی چھ ماشہ کو شہد خالص ایک تولہ میں بارہ گھنٹے کھرل کریں پھر برہمی بوٹی تازہ دس تولہ کو پیس کر نغدہ بنائیں اسی نغدہ میں کھرل شدہ دوا کو ملفوف کر کے مٹی کے کوزہ میں حسب دستور بند کر کے پندرہ سیر اوپلوں کو آگ میں کشتہ کریں۔

(فوائد) یہ کشتہ نہایت مقوی دماغ وقلب ہے اعلیٰ درجہ کا مفرح اور مقوی حافظہ ہے علاوہ ازیں ذیابیطس کے لیے نہایت مفید ہے۔

(ترکیب استعمال) آدھی رتی یہ کشتہ خمیرہ گاؤزبان عنبری یا ملائی یا کسی مفرح میں ملا کر استعمال کرائیں۔ ذیابیطس کے لیے کسی دافع ذیابیطس دوا یا ملائی ایک تولہ میں ملا کر دیں۔

بھنگرہ

(مختلف نام) بھنگرہ (اردو) نگارگ۔ بھرم راج (سنسکرت) یوپی کے بعض مقامات پر اس کو گھمرہ بھی کہتے ہیں۔

(مقام پیدائش) باغوں کھیتوں میں اور نمناک مقامات نیز دریا کے کنارے یہ بوٹی بکثرت پائی جاتی ہے۔ برسات اور آخر برسات میں زیادہ تر اُگتی ہے۔ (اقسام) اس کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) سفید بھنگرہ (۲) سیاہ بھنگرہ

(شکل وصورت) اس کا پودا تقریباً ڈیڑھ دو بالشت لمبا ہوتا ہے۔ اس کی پتیاں انار اور سرخ مرچ کی پتیوں کے مشابہ ہوتی ہیں ان کا رنگ ہرا سبز ہوتا ہے۔ اگر ان پتیوں کو ہاتھ سے ملیں تو ہاتھ سیاہ ہو جاتا ہے۔ ذائقہ اور تیز کڑوا ہوتا ہے۔ سفید بھنگرہ کی شاخیں سیاہ اور پھول سفیدی مائل ہوتا ہے۔ سیاہ بھنگرہ بہت کم یاب ہے اور اپنے اثرات میں نہایت قوی ہوتا ہے۔

(نقصان اور اصلاح) چونکہ اس کا مزاج گرم ہے اس لیے گرم مزاج والوں کے لیے نقصان دہ ہے شہد اور سیاہ مرچ اس کے مصلح ہیں۔

(افعال وخواص) امراض چشم۔ امراض۔ امراض دنداں۔ امراض جلد۔ امراض معدہ وامعا (آنتوں) کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ ضعف باہ اور گٹھیا کے لیے مفید ہے۔

مجربات

(۱) اس کی پتیوں اور شاخوں کو مل کر اس کا پانی نکالیں اس کو آنکھ میں لگانا سردی سے آشوب چشم کو دور کرتا ہے۔ اس کو پیشانی لگانا اور ناک میں دو تین قطرے ڈالنا ٹھنڈک سے دردسر کو دفع کرتا ہے۔ اس رس کو ناک میں چار پانچ بوند روزانہ تین بار ڈالنا پیپ پینس کے لیے مفید ہے۔

(۲) اس کی پتیوں اور شاخوں کو پانی میں جوش دے کر اس کی کلی کرنے سے دانتوں کا درد اور منہ کے چھالے دفع ہو جاتے ہیں اور دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ (۳) اس کی پتیوں اور شاخوں کا پانی پانچ تولہ سفید کاشغری ایک تولہ۔ مرداسنگ چھ ماشہ کو مثل مائدہ کے سفوف کر کے پانی مذکورہ میں ملا کر مقامی طور پر لگائیں۔ خارش پھنسیوں اور انگلیوں کے جوڑ کے برساتی زخم کو دور کرتا ہے۔

(۴) اس کی پتیوں اور شاخوں کا پانی بال چر۔ سفید داغ۔ داد خارش۔ اور کوڑھ کے زخم پر لگانا ان امراض کو دور کرتا ہے۔

(۵) مذکورہ پانی کے ہموزن سرکہ انگوری ملا کر لگانا سفید داغ کے لیے نافع ہے۔ (۶) بھنگرہ کی پتیوں کا رس دو حصہ دھتورے کی پتیوں کا رس ایک حصہ دونوں کو ملائیں پھر اس میں صاف روئی بھگو کر بتی بنائیں اور اس کو خشک کریں۔ خشک ہو جانے کے بعد تل کے تیل میں بتی کو بھگو کر جلائیں اور اس سے حسب معمول کاجل بنائیں۔ یہ کاجل پلکوں کے مرض بامنی کے لیے اکسیر ہے۔ صبح اور رات کو سوتے وقت لگائیں۔ (۷) اکسیری سرمہ۔ تخم سرس چار ماشہ۔ سرمہ سیاہ دو ماشہ۔ سنگ نصری دو ماشہ۔ گوند ببول ایک ماشہ۔ زرد کوڑی کی راکھ دو ماشہ۔ سیپی کا ناخن ایک ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریاں دو رتی۔ بھنگرہ کی جڑ کا پوست تین ماشہ۔ سب دواؤں کا مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں پھر بھنگرہ کی جڑ کے رس میں ایک ہفتہ گھوٹ کر سرمہ تیار کریں۔ یہ سرمہ روزانہ دو بار قدرے عرق گلاب میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔ جالا۔ پھوڑا۔ دھند اور ناخونہ کے لیے اکسیر صفت ہے۔

(۸) سرمہ سیاہ دو تولہ کو سفوف کر کے بھنگرہ کی جڑ کے پانی میں تین روز کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔ یہ سرمہ نہایت مقوی بصر ہے اور دھند کو دور کرتا ہے۔

(۳) بھنگرہ کا رس بچے کی مقعد میں لگانا چرنوں کو دور کرتا ہے۔

اگر بچے کے بال بھورے ہوں تو ان کو منڈوا کر بھنگرہ کا رس چند روز تک سر پر لگائیں بال کالے ہو جائیں گے۔

(۵) فقیری خضاب۔ پوست ہلیلہ کابلی ایک تولہ۔ پوست بلیلہ دو تولہ آملی گٹھلی نکالا ہوا چار تولہ۔ بھنگرہ کی جڑ شاخ۔ پتی اور پھول یعنی مسلم درخت کو سایہ میں خشک کر کے بقدر آٹھ تولہ سفوف تیار کریں اور مذکورہ تینوں دواؤں کا علاحدہ سفوف تیار کریں۔ اب بھنگرہ کے سفوف کو پانچ مرتبہ تازہ بھنگرہ کے رس میں تر و خشک کریں اور سفوف بنائیں اور تینوں دواؤں کے سفوف کو روغن بادام شیریں ۵ تولہ میں چرب کریں بعد ازاں دونوں سفوفوں کو باہم ملا کر کھرل کر کے بحفاظت رکھ لیں۔

(فوائد) اگر بال قبل از وقت سفید ہو گئے ہوں تو بحکم ربی اس کے استعمال سے بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ لیکن بوڑھاپے کے بال کالے نہیں ہوتے۔

ترکیب استعمال۔ یہ سفوف چھ ماشہ سے ایک تولہ تک بقدر برداشت گائے کے دودھ کے ہمراہ نہار منہ دو تین مہینہ تک استعمال کرائیں۔

(۶) کایا پلٹ۔ بھنگرہ پانچ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ آملہ گٹھلی نکالا ہوا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہر ایک دو تولہ موصلی سفید بھی سفید ہر ایک دو تولہ سب کو کوٹ چھان کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں پھر روغن بادام شیریں دس تولہ میں چرب کر کے دوگنا شہد خالص میں معجون تیار کریں۔

(فوائد) معجون کایا پلٹ ہے اس کے استعمال سے عام جسمانی کمزوری اور مردانہ کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ قبل از وقت بالوں کی سفیدی دفع ہو کر سیاہی آجاتی ہے۔ آنکھوں کی روشنی بڑھ کر بینائی قوی ہو جاتی ہے۔

(ترکیب استعمال) حسب برداشت چھ ماشہ سے ایک تولہ تک گائے کے دودھ کے ہمراہ خالی پیٹ صبح اور شام کو استعمال کرائیں۔

(۷) بھنگرہ کی پتیاں پانچ تولہ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو پیس کر آب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنائیں۔

(فوائد) درد شکم۔ قولنج ریحی۔ بلغمی اور سددی اور باؤ گولا کے لیے نہایت مفید ہے۔ پرانا درد شکم بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

(ترکیب استعمال) دو سے تین گولیاں تک ہمراہ عرق گلاب نیم گرم وہ تولہ صبح اور شام کو خالی پیٹ استعمال کرائیں۔

(۸) سفوف اکسیر۔ بھنگرہ ببول کا پھول۔ برم ڈنڈی ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں پھر شکر سفید ہموزن ملا کر رکھ لیں۔

(فوائد) جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال اور ضعف باہ کے لیے مفید ہے۔ (ترکیب استعمال) چھ ماشہ صبح اور شام کو خالی پیٹ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ (۹) بھنگرہ۔ سرپھوکا۔ چرائتہ ہر ایک چھ ماشہ کو پانی میں پیس چھان کر شہد خالص دو تولہ ملا کر صبح نہار منہ پلائیں۔ (فوائد) نہایت مصفی خون دافع خارش اور دافع گٹھیا ہے۔

(۱۰) کشتہ مرجان۔ مونگا اصلی دس تولہ کو سفوف کر کے بھنگرہ کے ایک چاؤ نغدہ میں رکھ کر حسب دستور مٹی کے کوزہ گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں میں کشتہ کریں۔

(فوائد) جریان۔ رقت منی۔ سرعت انزال اور احتلام کے لیے اعلیٰ قسم کا کشتہ ہے۔

(ترکیب استعمال) ایک ماشہ یہ کشتہ صبح اور شام کو گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

آگاہی) سفید اور سیاہ بھنگرہ کے علاوہ ایک ککر بھنگرہ یا گند بھنگرہ ہوتا ہے جو کوڑا اور کرکٹ اور گندے مقامات پر بکثرت اگتا ہے لہٰذا بھنگرہ تلاش کرتے وقت اس سے بچیں یہ بھنگرہ سے بہت مشابہت رکھتا ہے اس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں اور سر پر ول گھنڈی ہوتی ہے اس کے مقابلہ میں بھنگرہ کی پتیاں ہوتی ہیں۔ ککر بھنگرہ کے پھول سفید ہوتے ہیں۔ مگر ان میں اور لمبے تار ہوتے ہیں۔ اگر اس کو کتے کو کھلا دیا جائے تو اس کو قے ہونے لگتی ہے۔ یہ ایک نقصان دہ پودا ہے۔

بندال

(مختلف نام) بندال (اردو ہندی) گھوکھر بیل (پنجابی) دیوڈنگری (مرہٹی) قثاء الحمار (عربی) خیاء دشتی۔ خیار خر (فارسی) گھرائن (گجراتی) دیووالی۔ گراگری (سنسکرت) کریلن (بنگالی) ایلے ٹیریم (لاطینی) ایلے ٹرین (انگریزی)

(مقام پیدائش) یہ بوٹی نمکناک اور پانی والے مقامات پر اور سایہ دار جگہوں میں جنگلی اور پہاڑوں میں اُگتی ہے۔

(شکل وصورت) اس بوٹی کو بیل ہوتی ہے جو دوسرے درختوں پر چڑھ کر پھیلتی ہے۔ اس کے پتے ککڑی کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ مگر اس سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ یہ پتے کھردرے اور رُواں دار سبز ہوتے ہیں۔ اس کے پھل ہڑ کی شکل کے ہوتے ہیں لیکن اس سے چھوٹے ہوتے ہیں، پھل کا مزہ نہایت تلخ اور بدبودار ہوتا ہے۔ یہ پھل ہلکا اور اندر سے پُولا ہوتا ہے۔ اندر ریشے بھرے رہتے ہیں اوپر کا چھلکا سخت ہوتا ہے۔ کچے پھل کا رنگ سبز اور پختہ کا رنگ زرد ہوتا ہے اور پر یگریں ہوتی ہیں۔ بعض کا چھلکا چکنا اور بعض کا کھردرا ہوتا ہے اور پھلوں میں وہ پھل بہتر ہے جو بہت زرد اور بہت تلخ ہو اور ایسی بیل کا پھل زیادہ بہتر ہے جس میں زیادہ پھل لگے ہوں اور ایک سال ان کی قوت قائم رہتی ہے۔ اس کے بعد بے کار ہو جاتے ہیں چونکہ بندال گدھوں اور گھوڑوں کے قولنج کے لیے اکسیر ہے اس لیے گدھے پالنے والے اس کو اپنے پاس رکھتے ہیں اسی مناسبت سے اس کو خیار خر اور قثاء الحمار کہتے ہیں یعنی گدھوں کی ککڑی۔

(افعال وخواص) بندال ایک نہایت تیز زہریلی دوا ہے اس کو ہمیشہ نہایت احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا چاہیے حالانکہ یہ اپنے اثرات کے لحاظ سے نہایت مفید ہے۔

مجربات

(۱) شحم حنظل (اندرائن کے پھل کا پردہ) بندال کا پھل۔ نوشادر کلونجی۔ نکچھکنی۔ اسطوخودوس۔ مرچ سیاہ۔ عود صلیب ہموزن لیکر مثل فائدہ کے سفوف تیار کر کے رکھ لیں۔ اس کو بطور ہلاس سونگھائیں۔

(فوائد) اس کا استعمال مرگی کی شکایت کے لیے اکسیر ہے۔ ناک سے خوب پانی جاری ہو کر خوب چھینکیں آنے سے دماغ کا تنقیہ ہو جاتا ہے۔ پرانا بلغمی دردسر رفع ہو جاتا ہے۔ پینس کے لیے مفید ہے۔

(۳) کائپھل پونے دو تولہ۔ بندال کا پھل سات ماشہ۔ زعفران دو رتی۔ لونگ تین عدد۔ مثل مائدہ کے سفوف بنا کر رکھ لیں۔

(فوائد) بہترین ہلاس ہے اس کے سونگھنے سے خوب چھینکیں آتی ہیں اور دماغ کا تنقیہ ہو جاتا ہے اور پرانا بلغمی دردسر رفع ہو جاتا ہے۔

(۴) مرزنجوش (دونا) کی پتیاں۔ مرچ سیاہ۔ گائے پھل تمباکو۔ بندال کا پھل ہموزن سفوف کر کے رکھ لیں۔

(فوائد) بہترین ہلاس ہے۔ یہ ہلاس خوب چھینکیں لاتا ہے اور مذکورہ بالا فوائد کا حامل ہے۔

(۵) بندال کے پھول کو خشک کر کے سفوف بنائیں اور اس سفوف کو آبدست لینے کے بعد بواسیر کے مسوں پر بخوبی لگائیں۔
(فوائد) چندروز کے استعمال سے بواسیر کے مسوں کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ بہترین چٹکلا ہے۔
(۶) بندال کے پھل کو پیس کر ٹکیہ بنائیں اور اس پر گھی خالص لگا کر بواسیر کے مسوں پر باندھیں۔ اس کے استعمال سے بواسیر کے مسے قطعی زائل ہو جاتے ہیں۔ (۷) بندال کے خشک پھلوں کی دھونی بواسیر کے مسوں کو زائل کر دیتی ہے۔
(۸) بندال کے تازہ پتیوں کا رس نکال کر معدہ کے نیچے پیٹ پر کالی پیٹ ملنے سے پیٹ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔
(۹) مذکور رس کو فوطوں پر روزانہ ملنے سے ہائیڈروسیل کی شکایت رفع ہو جاتی ہے اور خصیوں کا درد جاتا رہتا ہے۔
(۱۰) اس کے پھول کو پیس کر سرسوں کے تیل میں پکا کر مالش کرنا عرق النساء۔ گٹھیا۔ نقرس اور ریاحی درد کو رفع کرتا ہے۔ پتھری کے مقام پر ملنا پتھری کو خارج کرتا ہے۔
(۱۱) اس کی جڑ کی چھال کو خشک کر کے سفوف بنائیں اس سفوف کو بقدر دو ماشہ ماء العسل (شہد کا پانی) آدھ پاؤ کے ساتھ کھلائیں۔
(فوائد) اس کے استعمال سے عورت کے پیٹ کا مردہ بچہ خارج ہو جاتا ہے۔ (آگاہی) مگر یہ ایک نہایت خطرناک علاج ہے اس کے استعمال سے شدید قے اور دست جاری ہو سکتے ہیں۔
(۱۲) بندال کے پھل کے اندر کا جالا بقدر دو ماشہ لے کر رات کے وقت آدھ پاؤ پانی میں بھگوئیں اور صبح پلائیں۔
(فوائد) اس کا استعمال استسقاء (حلبندر) کا پانی خارج کرتا ہے۔ (آگاہی) مگر یہ ایک خطرناک دوا ہے۔
(۱۳) بندال کے پھل کا رس نکال کر دو بوند ناک میں ڈالنے سے خوب چھینکیں آتی ہیں اور یرقان کے سبب آنکھوں کا پیلا پن اور درد شقیقہ (آدھا سیسی) رفع ہو جاتا ہے۔
(بندال کے مخالف اثرات) اس کو کھلانے سے پیٹ میں نہایت شدید ناقابل برداشت درد اٹھتا ہے شدید قے اور بکثرت پتلے دست جاری ہو جاتے ہیں۔ گرم زاج والوں اور کمزور آدمیوں کے لیے زہر ہے اس کے استعمال سے معدہ جگر اور آنتوں میں شدید خراش پیدا ہو جاتی ہے جمال گوٹا کے قائم مقام ہے۔ کمزور اور بوڑھے اشخاص۔ حاملہ عورتوں پیچش اور بواسیر کے مریضوں کو یہ دوا ہرگز نہ کھلائی جائے۔

بھوپھلی

(مختلف نام) بھوپھلی۔ بارہ پھلی۔ گرنڈ بوٹی

(شکل وصورت) ایک چھتے دار زمین پر بچھی ہوئی بوٹی ہے جس کی پتیاں چنے کی پتیوں سے بڑی اور شاخیں باریک ہوتی ہیں۔ پتیوں میں ایسی رگیں ہوتی ہیں جن کی وجہ سے جھریاں پڑ جاتی ہیں اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کے کنارے کٹے ہوئے ہیں۔ اس کا پھول بہت چھوٹا اور زرد ہوتا ہے۔ اس کی پھلیاں پتلی۔ چھوٹی اور ناخن کی طرح ٹیڑھی ہوتی ہیں لیکن بعض سیدھی بھی ہوتی ہیں۔ اس کی ڈالیاں ملنے سے ہاتھوں میں چپکتی ہیں اس بوٹی کو بکری اور بھیڑیں بہت شوق سے کھاتی ہیں اور کھا کر موٹی تازی ہو جاتی ہیں۔
(افعال وخواص) جریان۔ سرعت۔ رقت منی۔ احتلام اور ضعف باہ کے لیے بالخاصہ نہایت مفید ہے اور دافع سوزاک وچوٹ ہے۔

مجربات

(۱) بھوپھلی بوٹی چھ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح نہار منہ پانی میں پیس چھان کر شکر سفید ایک تولا ملا کر پلائیں۔

فوائد) کثرت احتلام ۔ سرعت انزال ۔ رقت اور جریان کے لیے اکسیر کامل ہے۔

(۲) بھوپھلی ۔ ریش برگد (برگد کی ڈاڑھی) دونوں ہموزن لے کر سایہ میں خشک کر کے مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں۔ بقدر تین ماشہ روزانہ صبح نہار منہ شکر سفید ہموزن ملا کر گائے کے ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

(فوائد) یہ نسخہ بھی مذکورہ بالا فوائد کا حامل ہے۔

(۳) بھوپھلی ۔ برگد کی تازہ کونپلیں سایہ میں خشک کی ہوئی ۔ مغز تخم ۔ اسبغول کی بھوسی ۔ ببول کی کچی پھلیاں سایہ میں خشک کی ہوئی سب کو ہموزن لے کر مثل مائدہ کے سفوف تیار کریں اور کل داؤں کے ہموزن شکر سفید ملا کر رکھ لیں۔

(ترکیب استعمال) چھ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح نہار منہ ایک پاؤ گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

(فوائد) جریان ۔ احتلام ۔ رقت اور سرعت کے لیے ایک لاثانی نسخہ ہے۔

(۴) بھوپھلی بقدر ایک تولہ پانی میں پیس چھان کر شکر سفید ایک تولہ ملا کر صبح نہار منہ پلائیں سوزاک کے لیے اکسیر کامل ہے۔

(۵) بھوپھلی تین ماشہ سفوف کر کے ایک تولہ گڑ میں ملا کر ایک ہفتہ کھانے سے چوٹ اور چوٹ کا درد زائل ہو جاتا ہے اگر محنت کرنے سے تھکنی پیدا ہو جائے تو وقتی طور پر اس کو کھلانے سے تھکنی دور ہو جاتی ہے۔

(۶) بھوپھلی آدھ پاؤ آدھ سیر پانی میں پیس چھان کر شیرہ حاصل کریں پھر اس میں ایک پاؤ تل کا تیل ملا کر پکائیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو بحفاظت رکھ لیں۔

(فوائد) یہ تیل بالوں میں برابر لگانے سے قبل از وقت بالوں کی سفیدی دور ہو جاتی ہے۔

(نوٹ) بھوپھلی خشک مفرد دوا فروشوں کے یہاں مل جاتی ہے۔

پودینہ

(مختلف نام) پودینہ (اردو ۔ ہندی) پُودنہ (فارسی) خدنج ۔ فوتنج حبق ۔ نغاع (عربی) منٹ (Mint) (انگریزی) منتھا (Mintha) (لاطینی) (شکل وصورت) ایک نہایت مشہور چیز ہے ۔ گھریلو طور پر بکثرت مستعمل ہے ۔ یوں تو پودینہ کی بہت سی قسمیں ہیں لیکن عام طور پر دو قسمیں زیادہ مستعمل ہیں ۔ (۱) چھوٹے پتیوں والا ۔ اس کی بو نہایت تیز ہوتی ہے اور یہ زمین پر پھیلتا ہے (۲) بڑی پتیوں والا ۔ اس کی بُو کو تیز نہیں ہوتی اور یہ پودے کی شکل میں پایا جاتا ہے ۔ اس کی اونچائی زمین سے تقریباً ایک فٹ ہوتی ہے ۔ اس کے ست کے ست پودینہ اور پیپ منٹ کہتے ہیں۔

(افعال وخواص) نہایت لطیف اور محلل ہے ۔ اخلاط غلیظ کو پتلا کرتا ہے ۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے ۔ ملین اور نہایت ہاضم ہے ۔ معدے کی اصلاح کرتا ہے ۔ معدہ اور آنتوں اور گردوں کے فضلات کو خارج کرتا ہے ۔ پیشاب اور پسینہ لاتا ہے ۔ حیض جاری کرتا ہے ۔ بلغمی اور سوداوی مزاد کا اخراج کرتا ہے ۔ استسقاء اور یرقان کے لیے قدرے مفید ہے ۔ وضع حمل میں امداد کرتا ہے۔

مجربات

(۱) اگر کان میں کیڑے پیدا ہو جائیں تو تازہ پودینہ کو نچوڑ کر اس کا رس تین چار قطرے روزانہ تین مرتبہ کان میں ڈالیں کان کے کیڑوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔

(۲) پودینہ ۔ زیرہ سفید ۔ ہر ایک تین ماشہ ۔ الائچی خرد مسلم ۵ عدد پانی میں پیس چھان کر پلائیں۔

(فوائد) ہاضمہ کی خرابی۔ ریاحی تکلیف نفخ شکم ڈکاروں کی کثرت۔متلی اور قے اس کے استعمال سے دور ہوجاتی ہے۔

(۳) پودینہ خشک ایک تولہ۔نمک سیاہ تین ماشہ سفوف کر کے شہد خالص دو تولہ میں ملا کر رکھ لیں۔تین ماشہ روزانہ تین چار مرتبہ چٹائیں۔

(فوائد) پیٹ میں بلغم کا اجتماع۔بلغمی متلی۔معدہ کی سردی اور ہاضمہ کی خرابی اس کے استعمال سے موقوف ہوجاتی ہے۔

(۴) تازہ پودینہ کو پیس کر پیشانی پر لیپ کرنے سے دردسر رفع ہوجاتا ہے۔

(۵) پودینہ خشک دو تولہ۔نمک سیاہ چھ ماشہ سفوف کر کے رکھ لیں۔بطور منجن دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں۔(فوائد) مسوڑھوں کے باد پن اور ورم اور درد کو دور کرتا ہے۔

(۶) تازہ پودینہ ایک پاؤ کو دس سیر پانی میں خوب اُبال کر چھان لیں۔اس پانی سے سر کے علاوہ پورے جسم کو ایک ہفتہ روزانہ دھوئیں۔

(فوائد) اس کے استعمال سے خشک وتر ہر قسم کی خارش دور ہوجاتی ہے۔

(۷) پودینہ تازہ کو آدھ پاؤ کو شراب خالص ایک پاؤ میں خوب پکائیں اور گھوٹیں جب لئی کی طرح ہوجائے تو بحفاظت رکھ لیں۔

(فوائد) جسم کے سیاہ داغ جو کسی دوا سے نہ مٹتے ہوں اس کو روزانہ تین چار مرتبہ لگانے سے دور ہوجاتے ہیں۔

(۸) پودینہ خشک کو پانی میں پیس کر سر کے بالوں اور ان کی جڑوں میں خوب ملیں دو گھنٹے بعد سر کو دھو ڈالیں۔

(فوائد) اس کے استعمال سے بالوں کا جھڑنا موقوف ہوجاتا ہے اور جو بال جھڑ چکے ہیں ان کی جگہ از سر نو نئے بال پیدا ہوجاتے ہیں۔

(۹) اکسیر معدہ۔بادیان (سونف) دو تولہ۔گل سرخ۔پودینہ خشک۔دانہ الائچی خرد۔سوڈا بائی کارب ہر ایک چھ ماشہ۔سب کو شل ما کے سفوف کر کے بحفاظت رکھ لیں۔(ترکیب استعمال) ایک ایک چٹکی دن میں چار چھ مرتبہ چوسیں اور دونوں وقت کھانے کے آد گھنٹہ بعد ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ تک تازہ پانی سے کھلائیں۔

(فوائد) ہائپر ایسیڈیٹی (تیزابیت) اور پیپٹک السر کے لیے اکسیر ہے۔اس کے استعمال سے کھٹی ڈکاروں کا آنا۔پیٹ کی جلن۔نفخ شکایت۔ہاضمہ کی خرابی گیس کی تکلیف اور پیٹ کا درد موقوف ہوجاتا ہے۔بہترین نسخہ ہے۔

(۱۰) اگر کسی کو بلی کاٹ کھائے تو اس کے زہر کو دور کرنے کے لیے پودینہ بالخاصہ مفید ہے۔پودینہ خشک کو سفوف کر کے رکھ لیں بقدر ماشہ روزانہ صبح کو ایک ہفتہ کھلائیں اور زخم پر پودینہ کو سرکہ خالص میں پیس کر لگائیں اکسیر ہے۔

چرچٹا

(مختلف نام) چرچٹا۔لچھڑی۔چٹ چرا۔اونگا۔لٹ جیرا۔(اردو ہندی) اُو پا مارگ (سنسکرت) چرچرا (بنگالی) اوگھارہ۔(مرٹ آندھی جھاڑا (مارواڑی) ٹپکھنڈا (پنجابی) اکھیڑو۔اوگاوہ (گجراتی) ماروا ثرگونہ (فارسی) انکمہ (عربی) روف چیف ٹری (انگریز ایکی اینتھنس اسپرا۔اڑیکا (لاطینی) لارغافی (پشتو)۔

(شکل وصورت) یہ بوٹی عام طور سے ہر جگہ پیدا ہوتی ہے۔یہ بوٹی ایک فٹ سے دو فٹ تک اونچی جھاڑی کی شکل میں پائی جاتی ہے۔ میں کئی ٹہنیاں پتلی چھڑی کی شکل کی ہوتی ہیں جو جڑ کے قریب سے نکلتی ہیں۔پتیاں سبز چوڑی نوکدار ہوتی ہیں۔ان پتیوں کے باریک روئیں ہوتے ہیں پتیاں ۳/۱۵ انچ لمبی اور ۲/۱۳ انچ چوڑی ہوتی ہے۔یہ پتیاں اس کی لمبی شاخوں میں لگی رہتی ہے۔

س کی سب سے بڑی آسان پہچان یہ ہے کہ اس کی شاخوں پر جَو کی شکل کے کانٹے لگے رہتے ہیں۔ یہ کانٹے اس کے پاس سے گزرنے سے کپڑوں پر چپک جاتے ہیں۔ اس کے پھولوں میں بیج ہوتے ہیں جو چاول کے چھوٹے چھوٹے دانوں کے مشابہ ہوتے ہیں اور یہ نوکدار ہوتے ہیں۔ عموماً اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک سرخ شاخ والا دوسرا سفید شاخ والا لیکن سفید شاخ والا کم دستیاب ہوتا ہے۔ یہ بوٹی برسات کے موسم میں پیدا ہوتی ہیں۔ اس کا ذائقہ کھاری۔ تیز۔ کڑوا اور خراب ہوتا ہے۔

(افعال وخواص) یہ ایک کثیر الفوائد حیرت انگیز بوٹی ہے اور سانپ اور بچھو کے زہر کا تریاق ہے۔ اس کے فوائد درج ذیل ہیں:

مجربات

(۱) اس کی پتیوں کو مل کر اس کا رس سانپ اور بچھو کے کاٹے ہوئے مقام پر لگانے سے سانپ اور بچھو کا زہر اُتر جاتا ہے۔ (۲) اس کے بیجوں کے سفوف کو بقدر چار رتی کھلانے سے یہی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ (۳) اس کی تازہ جڑ کو گھس کر لگانے سے سانپ اور بچھو کا زہر دور ہو جاتا ہے۔ (۴) اس کی پتیوں اور تازہ لکڑی کو ہاتھ میں مل لیں اور لکڑی کو ہاتھ میں لے کر بچھو کو پکڑیں اور ہاتھ میں لے لیں تو بچھو ڈنک نہیں مار سکتا۔ اس بوٹی کے قریب بچھو ہرگز نہیں آتا۔ اگر اس بوٹی کو مل کر اس میں بچھو رکھ دیں تو بچھو مفلوج اور بے ہوش ہو جاتا ہے۔ (۵) اس کی تازہ جڑ بقدر چار انگل پانی میں پیس کر پلانے سے اور اسی کو مقام ماؤف پر لگانے سے سانپ اور بچھو کا زہر دور ہو جاتا ہے۔ (۶) اس کی تازہ جڑ پان میں رکھ کر کھلانے سے بچھو کا زہر اُتر جاتا ہے۔ (۷) اس کی تازہ پتیوں کو پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولی بنائیں ایک گولی جس کو کتے یا سانپ نے کاٹا ہو کھلائیں اور اس کی سبز جڑ کو پیس کر مقام ماؤف پر لگائیں۔ ان شاء اللہ زہر دور ہوگا۔ (۸) اس کے بیجوں کو پیس کر سونگھانے سے ناک سے نزلہ ٹپک کر بلغمی اور نزلاوی دردسر اور درد شقیقہ دور ہو جاتا ہے۔ (۹) اس کی جڑ کو خشک کر کے اس کا سفوف بنا کر سفوف بطور ناس سونگھنے سے مذکورہ بالا فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ (۱۰) اس کی پتیوں اور شاخوں کے رس کو دانتوں اور مسوڑھوں پر ملنے سے دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ (۱۱) چرچٹا کی راکھ دو تولہ کو ساڑھے سات تولہ تل کے تیل میں پکائیں پھر اس کو چھان کر رکھ لیں۔ دو تین قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں کان کا درد رفع ہو جائے گا۔ (۱۲) اس کی پتیوں کو پیس کر مقام ماؤف پر لگانے سے بھڑ اور شہد کی مکھیوں کا زہر اُتر جاتا ہے۔ (۱۳) چرچٹا کی جڑ چار اُنگل کو چاچھ ایک پاؤ میں پیس چھان کر صبح پلانے سے یرقان کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ (۱۴) چرچٹا کی راکھ چھ ماشہ کو دس تولہ پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اس کا پانی نتھار کر سونٹھ کا سفوف دو ماشہ کھلا کر پلائیں۔ اس کا استعمال درد شکم۔ نفخ۔ باؤ گولا اور مثانہ کی پتھری کے لیے ازحد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے اس کی جڑ پتیوں اور شاخوں کا جوشاندہ بھی ازحد نافع ہے۔ مذکورہ اجزاء کو ایک پاؤ پانی میں اُبال کر جوشاندہ تیار کریں۔ (۱۵) اس کی جڑ چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ پانچ دانہ کو پانی میں پیس چھان کر پلائیں اور اس کی پتیوں کو پیس کر لگدی بنا کر بواسیر کے مسوں پر باندھیں اس کے استعمال سے بواسیر کا خون بند ہو جاتا ہے اور مسے تحلیل ہو جاتے ہیں۔ (۱۶) اس کی سوکھی پتیوں کو چلم میں رکھ کر یا سگریٹ بنا کر پینا دمہ کے لیے مفید ہے۔ (۱۷) اس کی سوکھی پتیوں کا سفوف بقدر چار رتی پانی کے ہمراہ صبح کھلانا سوزاک کے لیے نافع ہے۔ (۱۸) چرچٹا کا مسلم درخت مع جڑ کے کوٹ کر بقدر ایک تولہ پانی میں ایک پاؤ میں جوش دے کر مل چھان کر صبح پلانے سے پیشاب بکثرت ہوتا ہے۔ اس کا استعمال استسقائے کے لیے نہایت مفید ہے۔ اگر ضرورت سمجھی جائے تو صبح اور شام دونوں وقت استعمال کرائیں۔ (۱۹) اس کی پتیوں کا پانی ایک تولہ چھاچھ دس تولہ میں ملا کر

پلانے سے خون حیض بند ہوجاتا ہے۔(۲۰) اس کی جڑ کا ٹکڑا بچہ دانی میں رکھنے سے خون حیض جاری ہوجاتا ہے۔

(۲۱) چرچٹا اعلیٰ درجہ کی مسقط جنین (حمل کو ضائع کرنے والا) اور مسہل ولادت (بچہ پیدا ہونے میں آسانی پیدا کرنے والا) ہے چنانچہ اس مقصد کے لیے اس کو مندرجۂ ذیل طریقوں سے استعمال کرایا جاتا ہے۔

(ا) اگر حاملہ کے پیٹ میں درد برابر ہو لیکن بچہ نہ پیدا ہو رہا ہو تو چرچٹا کی جڑ ایک تولہ پرانا گڑ دو تولہ کو ایک پاؤ پانی میں خوب جوش دے کر مل چھان کر نیم گرم پلائیں۔ بچہ فوراً بآسانی پیدا ہوجائے گا۔

(ب) چرچٹا کے بیج اور گاجر کے بیج ہر ایک تین ماشہ کو سفوف کرکے نیم گرم پانی سے کھلائیں بچہ بآسانی تولد ہوجائے گا۔

(ج) اس کی جڑ کو حاملہ کی کمر میں باندھنے سے یا اس کو پانی میں پیس کر پیڑو پر نیم گرم لیپ کرنے سے بچہ بآسانی پیدا ہوجاتا ہے۔

(د) اگر بچہ رحم کے اندر مر چکا ہو تو چرچٹا کی تازہ جڑ کو صاف کرکے پیس کر بچہ دانی کے منہ میں پانچ سے دس منٹ تک رکھنے سے مُردہ بچہ خارج ہوجاتا ہے۔

(۲۲) اگر بغل میں گانٹھیں پیدا ہوجائیں تو اس کی جڑ کو پانی میں پیس کر نیم گرم لیپ کرنے سے گانٹھیں تحلیل ہوجاتی ہیں۔(۲۳) چرچٹا کی جڑ ہلدی اور کوٹ کڑوا ہموزن لے کر پیس کر تل کے تیل میں ملا کر بطور اسٹنہ مالش کرنے سے بہق (سیویاں) کی شکایت رفع ہوجاتی ہے۔(۲۴) چرچٹا کی جڑ چرچٹا کی پتیاں ہر ایک پانچ تولہ کوٹ کر تل کے تیل میں بیس تولہ میں جلا کر تیل کو چھان لیں اس تیل کی مالش خارش کے لیے نہایت مفید ہے۔(۲۵) چرچٹا کی جڑ دو تولہ گندھک آملہ سار ایک تولہ کو سرکہ انگوری میں پیس کر داد پر ملنے سے داد کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔(۲۶) چرچٹا کی جڑ چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ پانچ دانہ کو پانی میں پیس کر چھان کر روزانہ صبح پلانے سے خون صاف ہوجاتا ہے۔(۲۷) چرچٹا کی سبز پتیاں مویز منقیٰ، کشمش۔ مغز بادام شیریں ہموزن لے کر سب کو پانی میں پیس کر نیم گرم پستان پر لیپ کریں۔ ہر قسم کا ورم پستان دور ہوجاتا ہے۔(۲۸) چرچٹا کی ایک بڑی سیدھی پتی کو زبان پر رکھ کر تالو سے چپکا دیں۔ نکسیر کا خون فوراً بند ہوجائے گا۔(۲۹) چرچٹا کی تازہ پتیاں۔ لہسن چھلا ہوا۔ سیاہ مرچ ہموزن لے کر گھوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ لرزہ سے آنے والے بخار یعنی ملیریا کے لیے نہایت مفید ہیں۔ دو سے چار گولیاں تک بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ قبل نیم گرم پانی سے کھلائیں۔(۳۰) چرچٹا کی جڑ چھ ماشہ۔ مرچ سیاہ پانچ دانہ کو پانی میں پیس چھان کر پلائیں۔ یہ نسخہ بھی مذکورہ بالا فوائد کا حامل ہے۔(۳۱) چرچٹا کی جڑ۔ مرچ سیاہ ہموزن لے کر خوب کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ سوکھا کے لیے یہ گولیاں اکسیر ہیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو ماں کے دودھ میں گھول کر بچہ کو پلائیں۔ جس عورت کے بچے اس مرض میں مبتلا ہوکر مرجاتے ہیں اس عورت کو ایام حمل میں روزانہ ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھلائیں اور وضع حمل تک اس کا استعمال جاری رکھیں۔(۳۲) چرچٹا کی پتیاں۔ سہدئی کی جڑ ہر ایک ایک تولہ۔ مرچ سیاہ بیس عدد کھرل کرکے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ مذکورۂ بالا طریقے پر استعمال کرائیں۔ یہ نسخہ بھی مذکورۂ بالا فوائد کا حامل ہے۔(۳۳) چرچٹا کی جڑ کو سایہ میں کشک کر سفوف تیار کریں اور شکر سفید ہموزن ملا کر رکھ لیں بقدر چھ ماشہ صبح اور شام کو گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ رقت منی اور احتلام کے لیے مفید ہے۔(۳۴) اس کے بیج کو کوٹ کر پانی میں پکا کر کھیر بنا کر کھلا دینے سے تقریباً پندرہ روز تک بھوک نہیں لگتی۔ سادھو اور سناسیوں کا یہ عمل ہے۔

نمک چرچٹا

چرچٹا کے مسلم پودوں کو خشک کر کے جلائیں پھر اس کی راکھ کو بہت سے پانی میں حل کریں اور رکھ چھوڑیں دوسرے دن صاف پانی نتھار لیں اب اس نتھارے ہوئے پانی کو آگ پر پکا کر خشک کرلیں۔سفید رنگ کا نمک حاصل ہوگا اس کو بحفاظت رکھ لیں۔یہ نمک مندرجہ ذیل امراض کے لیے حسب ذیل ترکیب سے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

(۱) یہ نمک دو رتی لعوق سپستاں ایک تولہ میں ملا کر صبح اور شام کو چٹائیں۔(فوائد) نزلاوی کھانسی اور نزلاوی دمہ کے لیے نہایت مفید ہے۔(۲) نمک چرچٹا تین رتی شہد خالص ایک تولہ میں ملا کر صبح اور شام کو کھلائیں۔(فوائد) بلغمی دمہ کے لیے اکسیر کامل ہے۔(۳) دو تین رتی یہ نمک شکر سفید ڈیڑھ ماشہ میں ملا کر تازہ پانی سے صبح اور شام کو کھلائیں۔(فوائد) ہر قسم کی بواسیر کے لیے نہایت مفید ہے۔(۴) نمک چرچٹا چار رتی شربت بزوری معتدل دو تولہ میں ملا کر صبح اور شام کو چٹائیں۔

(فوائد) استسقائے لحمی کے لیے بہت مفید ہے۔(۵) نمک چرچٹا چار رتی اونٹنی کے دودھ ایک پاؤ کے ہمراہ صبح کھلائیں۔

(فوائد) استسقائے رتی کے لیے از حد نافع ہے۔(۶) نمک چرچٹا دو رتی گل ارمنی ڈیڑھ ماشہ سفوف کر کے تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

(فوائد) کثرت حیض کے لیے نہایت مفید ہے۔(۷) نمک چرچٹا چار رتی عرق گلاب نیم گرم دو تولہ کے ہمراہ دردزہ شروع ہونے کے بعد کھلائیں۔بچہ آسانی کے ساتھ بہت جلد پیدا ہوجاتا ہے۔(۸) نمک چرچٹا چار رتی کھلا کر شربت بزوری معتدل دو تولہ عرق بادیان ۵ تولہ میں گھول کر نیم گرم پلائیں۔

(فوائد) گردہ اور مثانہ کی پتھری کے لیے نہایت مفید ہے۔

چرچٹا کا ٹنکچر: (ترکیب تیاری) چرچٹا کا مسلم درخت جڑ کے لے کر مٹی وغیرہ دور کر کے نیم کوب کرلیں پھر اس کو دوگنا الکحل (ریکٹی فائیڈ اسپرٹ) میں ایک شیشہ کی مضبوط کارک والی شیشی میں بھگو دیں اور اس بوتل کو اندھیرے سرد کمرے میں رکھیں اور اس بوتل کو روزانہ عورت کو ایام حمل میں روزانہ ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھلائیں اور وضع حمل تک اس کا استعمال جاری رکھیں۔

(۳۲) چرچٹا کی پتیاں۔سہدئی کی جڑ ہر ایک ایک تولہ۔مرچ سیاہ بیس عدد کھرل کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔مذکورہ بالا طریقے پر استعمال کرائیں۔یہ نسخہ بھی مذکورہ بالا فوائد کا حامل ہے۔

(۳۳) چرچٹا کی جڑ کو سایہ میں خشک کر کے سفوف تیار کریں اور شکر سفید ہموزن ملا کر رکھ لیں بقدر چھ ماشہ صبح اور شام کو گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔رقت منی اور احتلام کے لیے مفید ہے۔

(۳۴) اس کے بیج کو کوٹ کر پانی میں پکا کر کھیر بنا کر کھلا دینے سے تقریباً پندرہ روز تک بھوک نہیں لگتی۔سادھو اور سناسیوں کا یہ عمل ہے۔

سر کنڈا

(مختلف نام) سرکنڈا۔ سپت۔ سینٹھا۔ (اردو۔ ہندی) کانا۔ سر (پنجابی) تیر کانڈا (گجراتی) ترکانڈے (مرہٹی) قصب (عربی) نے (فارسی) (شکل وصورت) سرکنڈا مشہور چیز ہے۔ اس کے پودے کی اونچائی آٹھ فٹ سے بارہ فٹ تک ہوتی ہے۔ اس کے بڑے بڑے جھنڈ ہوتے ہیں اس کے اندرونی لکڑی سے قلم بنائے جاتے ہیں۔ یہ چھپر چھانے کے کام آتا ہے۔ اس سے مونڈھے بھی بنتے ہیں۔ اس کی چھال کو مونج کہتے ہیں۔ موسم برسات کے بعد اس میں پھول لگتے ہیں۔ یہ پھول تقریباً ایک فٹ لمبے ہوتے ہیں ان کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ اس میں کسی قسم کی بونہیں ہوتی۔ نہ کوئی ذائقہ ہوتا ہے۔

مجربات

(۱) سرکنڈا کا پھول ایک تولہ چلم میں رکھ کر جلائیں اور اس کا دھواں کھینچیں۔ روزانہ دو تین بار یہ عمل کریں۔ (فوائد) بواسیر کا خون کتنا ہی آتا ہو اس کے استعمال سے دو روز میں بند ہو جاتا ہے۔

(۲) اس کی جڑ دو تولہ سونٹھ ایک تولہ دونوں کو پانی میں پیس کر لگائیں (فوائد) داد اور مہاسوں کے لیے نہایت مفید ہے۔ نیم گرم لگانے سے ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔

(۳) اس کی جڑ کو پانی میں پیس کر مقام ماؤف پر لگانے سے بچھو کا زہر اُتر جاتا ہے اور سر کے گنج کے لیے مفید ہے۔

(۴) اس کے کوئلہ کا منجن دانتوں کو صاف کرتا ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے اور مسوڑھوں کے خون کو بند کرتا ہے۔

(۵) جلے ہوئے سرکنڈا کے نصف وزن نمک سیاہ ملائیں اور سفوف تیار کر کے رکھ لیں۔ ایک ایک چٹکی منہ میں رکھ کر روزانہ کئی بار چوسائیں بلغمی اور نزلاوی کھانسی کے لیے مفید ہے۔

(۶) سرکنڈا کے اوپر کے چھلکے جلا کر اس کا حسب معمول نمک تیار کریں۔ یہ نمک دو رتی کھلا کر شربت بزوری معتدل دو تولہ نیم گرم پانی میں گھول کر پلائیں۔ (فوائد) گردہ اور مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔

نوٹ: نمک بنانے کی ترکیب چرچٹا کی بحث میں گزر چکی ہے۔

(۷) سرکنڈا کے اوپر کے چھلکے ایک تولہ لے کر ان کو کچل کر رات کے وقت گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر پلائیں۔ اسی طرح صبح بھگو کر شام کو پلائیں۔ (فوائد) ذیابیطس کے لیے اکسیر صفت ہے۔

(۸) سرکنڈا کی جڑ کو کچل کر بقدر پانچ تولہ پانی ایک سیر میں خوب جوش دے کر خوب مل چھان کر بزوری معتدل چار تولہ شامل کر کے صبح اور شام کو پلائیں۔ (فوائد) اس کے استعمال سے حیض جاری ہو جاتا ہے۔

(۹) سرکنڈا کو مع جڑ کے جلا کر سفوف کر کے سرکہ خالص میں ملا کر مقام ماؤف پر لیپ کریں۔
(فوائد) بالچر کی شکایت دور ہو جاتی ہے اور بال نکل آتے ہیں۔

(۱۰) سرکنڈا کی راکھ کو زخموں پر چھڑکنے سے خون خواہ کتنا بہتا ہو بند ہو جاتا ہے۔

تمام شد۔۔

رمضان المبارک کے فضائل و برکات

قاضیٔ بہار مفتی محمد ثناءاللہ المصطفیٰ ثناء القادری، مڑپاوی

تمام خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے جملہ بنی نوع انس و جن، حیوانات و جمادات کی تخلیق فرمائی اور ہمیں اپنے تمام مخلوقات میں عزت وفضیلت سے سرفراز فرمایا، اور درود وسلام ہو خاتم النبیین احمد مجتبیٰ محمد مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کہ جنکی تخلیق ہماری تخلیقات کا باعث بنی۔ اور ساتھ ہی رب العزت کا کروڑہا کروڑ احسان ہے کہ اس نے ہمیں رمضان جیسی عظیم نعمت سے مالا مال فرمایا، فیضان رمضان کے کیا کہنے کہ اس کی ہر گھڑی، ہر لمحہ فیوض و برکات کے لازوال نعمتوں سے معمور ہے۔ اعمال صالحہ کے اجر وثواب کا حال تو یہ ہے کہ اگر آپ نفل پڑھیں تو ثواب فرض نماز کے برابر اور فرض کی ادائیگی کا ثواب ستر ۷۰ رگنا بڑھا دیا جاتا ہے۔

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی رمضان المبارک میں ایک بار سبحان اللّٰہ کہے تو غیر رمضان المبارک کے ایک لاکھ ''سبحان اللہ'' کہنے کے برابر ثواب اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ قرآن حکیم کے سورۃ البقرہ میں ماہ رمضان المبارک کے برکات وحسنات میں سے روزہ کی فرضیت واہمیت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے۔ یاایھا الذین آمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون۔ اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں، جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بن سکو، توحید، نماز، حج اور زکوٰۃ کی طرح رمضان کے روزے بھی رکن اسلام سے ہیں۔ یوں تو روزے کو، صوم، بھی کہتے ہیں۔ جس کا مطلب رک جانا ہے، لیکن شریعت مطہرہ میں رضائے الٰہی کے لئے خواہشات نفس کے مذموم حرکتوں سے باز رہنے کا نام روزہ ہے۔ رمضان کی فضیلت و برکت اس آیت کریمہ سے بھی خوب عیاں ہو جاتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: 'شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن' رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل ہوا۔

مفسر شہیر حضرت علامہ مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمہ ''آیت کریمہ ''شہر رمضان الذی'' کے تحت تفسیر نعیمی میں فرماتے ہیں:

''رمضان'' یا تو ''رحمٰن'' عزوجل کی طرح اللہ کا نام ہے، چونکہ اس مہینہ میں دن رات اللہ عزوجل کی عبادت ہوتی ہے۔ لہٰذا اسے ''شہر رمضان'' یعنی اللہ کا مہینہ کہا جاتا ہے۔ جیسے مسجد وکعبہ کو اللہ عزوجل کا گھر کہتے ہیں کہ وہاں اللہ عزوجل کے ہی کام ہوتے ہیں۔ روزہ، تراویح وغیرہ تو ہیں ہی اللہ کے۔ مگر بحالت روزہ جو جائز نوکری اور جائز تجارت وغیرہ کی جاتی ہے وہ بھی اللہ کے کام قرار پاتے ہیں۔ اس لئے اس ماہ کا نام رمضان یعنی اللہ کا مہینہ ہے۔

یا یہ ''رمضائ'' سے مشتق ہے ''رمضائ'' موسم خریف کی بارش کو کہتے ہیں جس سے زمین دھل جاتی ہے اور ''ربیع'' کی فصل خوب ہوتی ہے۔ چونکہ یہ مہینہ بھی دل کے گرد وغبار دھو دیتا ہے اور اس سے اعمال کی کھیتی ہری بھری رہتی ہے۔ اس لئے اسے رمضان کہتے ہیں۔ مزید اسکے علاوہ اور بھی کئی وجہ تسمیہ آیت مقدسہ کی روشنی میں رقم فرماتے ہیں: تفصیل کے لئے تفسیر نعیمی ملاحظہ فرمائیں۔

مندرجہ بالا آیات کریمہ سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ مسلمان پر روزے اسی طرح فرض کئے گئے ہیں۔ جیسا کہ پہلے لوگوں پر فرض

کئے گئے تھے۔اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ روزہ ایک قدیم ترین عبادت ہے جس کی ابتدا تاریخ انسانی کے فرد اول حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی ہے۔اور اس کی تکمیل وانتہا خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی شریعت مطہرہ پر ہوتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے لے کر آخری کتاب قرآن حکیم تک ہر آسمانی کتاب وشریعت میں روزہ کو ایک خاص امتیازی اور بنیادی عبادت کا مقام دیا گیا ہے۔حضرت آدم علیہ السلام کا معمول تھا کہ آپ ہر ماہ ایام بیض کے تین روزے رکھتے اور شریعت نوحی میں بھی ہر ماہ کے یہی تین روزے فرض تھے،لیکن شریعت موسوی میں رمضان کے علاوہ ہفتہ اور عاشورۂ محرم کے روزے بھی فرض تھے۔مگر اکابرین دینیہ کی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں نے حکم الٰہی میں تحریف کیں۔اور ماہ رمضان کے بجائے موسم سرما کے دنوں میں روزے رکھتے تاکہ شدت پیاس سے محفوظ رہے۔

لیکن دین اسلام نے اس عظیم الشان عبادت کو عین منشائے الٰہی کے مطابق مکمل فرما کر اپنے فرمانبرداروں کو اس کی لافانی قدروں سے روشناس کیا۔یہاں تک کہ اسلام نے روزہ کو فضل رب ذوالجلال کا آئینہ اور عشق مصطفیٰ کا زینہ قرار دیا۔حتیٰ کہ روزہ کے برکات وحسنات سے بے شمار اولیاء کو ولایت ملی۔حضرت جنید بغدادی علیہ الرحمہ کا قول ہے۔کہ روزہ آدھی طریقت ہے۔

چنانچہ سالکان حق وصداقت روزہ ہی کے ذریعہ اپنے مالک حقیقی کو خوش کرتے ہیں۔اور اسی سے رضائے الٰہی حاصل کرتے ہیں۔روزے کے پس پردہ ان گنت دینی ودنیاوی حکمتیں اور رموز ونکات پنہاں ہیں۔جس کی لذت کا حصول صرف روزہ دار ہی کرسکتا ہے۔اسی لئے محبوبان خدا کثرت سے نفلی روزے رکھ کر فضل الٰہی کا مزہ لیتے ہیں۔روزہ ایک ایسی عبادت ہے جو راہ ہدایت کی دلیل،حصول روحانیت کا ذریعہ،تقویٰ وتورع کی خاص علامت،اعمال صالحہ کی بہار،مردہ دلوں کی حیات کے لئے نسخہ کیمیاء جسمانی بیماریوں کا مجرب علاج،انعامات خداوندی ورحمت الٰہی کا وسیلہ،دخول جنت کا باب،معرفت حق وصداقت کا جام،اور محبوب خدا کی شفاعت کا ضامن ہے۔گویا کہ روزہ اسلامی کی عبادات میں ایک عظیم ترین عبادت ہے،جس سے اللہ اور اس کے رسول علیہ السلام خوش ہوتے ہیں۔اسے روزے کی ادائیگی پر استحکام واستقلال بخشتا ہے۔فضائل روزہ سے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

لو یعلم العباد ما فی رمضان لتمنّنا امتی ان تکون السنۃ کلھا رمضان،(بیہقی،ترغیب)

اگر اللہ کے بندے رمضان کی فضیلت جان لیں تو میری امت تمام سال روزہ رہنے کی خواہش مند ہو۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اولاد آدم کا ہر نیک عمل اس کے لئے بڑھایا جاتا ہے۔اس طرح کہ ایک نیکی کے بدلے میں دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔جو سات سو نیکیوں تک جا پہنچتا ہے۔فرمان عالیشان ہے کہ روزہ میرے لئے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔وہ اس لئے کہ روزہ دار اپنی خواہشات نفس اور اپنے کھانے کو میرے لئے چھوڑتا ہے اور روزہ دار کے لے دو فرحتیں ہیں ایک تو افطار کے وقت دوسری اپنے رب سے ملاقات کے وقت،اور روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پسند ہے اور روزہ ڈھال ہے پس جب تم سے کوئی روزے سے ہو تو اس میں بدکلامی نہ کرے اور نہ دنگا فساد اور اگر کوئی اسے برا کہے یا لڑنا چاہے تو اسے کہہ دو کہ میں روزہ دار ہوں۔(بخاری شریف)

فضائل رمضان المبارک میں روزہ کی ایک فضیلت یہ بھی منقول ہے، کہ اللہ تعالیٰ روزہ دار کی دعاء مقبول فرماتا ہے۔ بشرطیکہ انکی دعا و پکار میں عجز وانکساری پوشیدہ ہو، ساتھ ہی ساتھ خلوص نیت میں پختہ ہو، عادل ہو جبر وستم سے پرہیز کرتا ہو، کذب وچغلخوری کو راہ نہ دیتا ہو، سینہ عشق رسول کا مدینہ ہو۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ رمضان المبارک کی ہر شب وروز اللہ کے یہاں سے جہنم کے قیدی چھوڑے جاتے ہیں۔ اور ہر مسلمان کی ہر شب وروز میں ایک دعا ضرور قبول کی جاتی ہے۔

اسی طرح رمضان المبارک کی شب قدر میں ایمان واخلاص کے ساتھ قیام (قیام سے مراد نماز تراویح) کو اللہ رب العزت کے یہاں ایک نمایاں مقام ومرتبت حاصل ہے اور یہ تین چیزیں روزہ، تراویح، اور شب قدر کی رات کا قیام بندوں کو اللہ عزوجل کے قریب کر دیتی ہے۔ اور خلوص نیت کے ساتھ ادائیگی پر اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے ایمان واحتساب کے ساتھ رمضان المبارک کے روزے رکھے اس کے گذشتہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ اور جس نے رمضان المبارک میں ایمان و اخلاص سے راتوں میں عبادت کی (یعنی تراویح پڑھی) اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اور جس نے شب قدر میں ایمان واخلاص کے ساتھ قیام کیا اس کے گذشتہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ (بخاری ومسلم)

نیز حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب حج کرنے کے برابر ہے۔

حضرت مفتی احمد یار خاں نعیمی نے ماہ رمضان کے تیرہ فضائل بیان فرمائے ہیں۔ جنہیں ہم درج کیئے دیتے ہیں۔

۱) کعبہ معظمہ مسلمانوں کو بلا کر دیتا ہے اور رمضان آ کر رحمتیں بانٹتا ہے۔ گویا وہ (یعنی کعبہ) کنواں ہے اور یہ (یعنی رمضان) دریا ہے یا وہ (کعبہ) دریا ہے اور یہ (رمضان) بارش۔

۲) ہر مہینہ میں خاص تاریخیں اور تاریخوں میں بھی خاص وقت میں عبادت ہوتی ہے۔ مثلاً بقرعید کی چند (مخصوص) تاریخوں میں محرم کی دسویں تاریخ افضل۔ مگر ماہ رمضان میں ہر دن اور ہر وقت عبادت ہوتی ہے، روزہ عبادت، افطار عبادت افطار کے بعد تراویح کا انتظار عبادت، تراویح پڑھ کر سحری کے انتظار میں سونا عبادت، سحری کھانا بھی عبادت، غرضیکہ ہر آن میں خدا کی شان نظر آتی ہے۔

۳) رمضان ایک بھٹی ہے جیسے کہ بھٹی زنگ آلود لوہے کو صاف اور مضبوط تر بنا کر مشین کے پارٹ پرزے کے قابل بناتی ہے اور سونے کو زیور کے تا ہے اور نیک لوگوں کے درجے بڑھاتا ہے۔

۴) رمضان میں نفل کا ثواب فرض کے برابر اور فرض کا ثواب ستر گنا زیادہ ملتا ہے۔

۵) بعض علماء فرماتے ہیں کہ جو رمضان میں مرجائے اس سے سوالات قبر بھی نہیں ہوتے۔

تمام شد۔۔

مکتوبات حضرت سید محمد جمال شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ مکتوب دوم (۲)

نیک طینت برادر عزیز اللہ رسید مظفر علی زاد اللہ شوقہ وعرفانہ، راہ طلب طے کرنے اور منزل مقصود پر پہونچنے کی دعا کے بعد واضح اور دل میں پیوست ہو کہ جس وقت میں یہ خط تحریر کر رہا تھا تو الطاف الٰہی کا دل نواز خوشبوئیں اور گل صحت کی عطر بیز ہوا آتی رہیں اور ہر حال میں شکر باری تعالیٰ کرنے والے کی اور دعا کرتے وقت اپنے تمام محبان کرام کی خیریت طلب کرتا ہوں، آپ کا پیار و محبت کی خوشبو میں بسا ہوا خط موصول ہوا۔ اور خط کے مضمون سے معلوم ہوا کہ ان سچے طالب نے پہلے کی تحریر سے ترکیب شغل پاس انفاس جان لی ہے اور اب مزید تشریح چاہتے۔ عزیز من ترکیب پاس انفاس کو زبان سوسن خواجہ حافظ شیرازی سے اپنے اشعار میں قرار دیا ہے، (واضح رہے کہ سوسن ایک رنگین نیلے رنگ کا پھول ہے شعراء زبان سے تشبیہ دیتے ہیں) ؎

"مژدہ ایدل کہ دگر بادِ صبا باز آمد ہدہد خوشخبر از شہر سبا باز آباد"

"اے دل مبارک ہو کہ بادِ صبا دوسری مرتبہ واپس آگئی
اور ہدہد پرندہ شہر سبا سے دوبارہ خوش خبر لے کر آ گیا"

عارف کہتا ہے کہ زبان سوسن کو سمجھو، تا کہ تم پوچھ سکو کہ کس لئے اور کیوں گئی اور پھر کیوں آئی۔ یاد رکھو کثرت سے شغل پاس انفاس تمام اشغال سے بہتر اور افضل ہے کیوں کہ جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مقام نبوت سے سرفراز ہونے سے پیشتر ۲۴ سال تک مسلسل شغل پاس انفاس کرتے رہے اور قرآن شریف میں جابجا اس کی تاکید آئی ہے، یہ آیت کریمہ ہے **واذ کرو اللہ کثیرا لعلکم تفلحون**۔ (پ ۲۸ سورہ جمعہ) نیز یہ آیت کریمہ بھی ہے **فاذ کرو اللہ قیاما وقعودا وعلی جنوبکم**۔ غرض یہ شغل پاس انفاس اس قدر کثرت سے کرنا چاہئے کہ کھانا پینا تک فراموش کرا لے اور خود سے خود کو بھلا دے اور سوتے جاگتے ہر حالت میں برابر ذکر کرتا رہے یہاں تک کہ یہ حالت ہو جائے کہ دل جاگتا رہے اور آنکھیں سوتی ہوں اور ہاں یہ بات طے ہے کہ پیاسا اور تلاش کرنے والا ہی لبریز نہر کے کنارے پہونچتا ہے اور اکابر صوفیہ کرام کی کتابوں کا مطالعہ۔ دنیا کے دوسرے کاموں سے بہتر ہے لیکن پاس انفاس کے شغل کے مقابلہ تضیع اوقات ہے مگر جب وہ خیر طلب مسالک طریقت اہل تعلقات سے ہو اور متعلق کو یکا یک ایک بار میں رشتہ تعلق کو توڑنا اور ذکر یگانہ مطلق میں ہر لحظہ دل لگانا بہت دشوار ہے اس حالت میں اگر وہ اولیاء اللہ کی کتابوں میں دل لگاتا ہے اور ان کے مطالعہ میں مصروف رہتا ہے تو یہ دنیا کے دوسرے کاموں سے بہتر ہے اور وہ طالب صادق جنہوں نے شغل لا الہ الا اللہ کی اجازت چاہی ہے اس صورت میں کہ پاس انفاس اسم ذات دکھائی دینے لگے اس کی ضرورت نہیں ہے اور شغل پاس انفاس لفظ اللہ درست ہے مگر کلام ربانی میں ذکر اسم کا حکم ہے نہ کہ ضمیر کو اس کی طرف لوٹانا کہ ہوئے اور دوسری صورت یہ ہے کہ ایک اسم کو دو جگہ تقسیم کریں یعنی اللہ کو بغیر لا ہوز کے ایک سانس میں کہیں اور ہو کر دوسری سانس میں ہو کہنا درست ہے۔ اور مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے جو فرمایا ہے: ؎

"چشم بند ولب بہ بند و گوش بند گر نہ بینی سر حق بر ما بخند"

ترجمہ: اپنی آنکھوں، کانوں اور ہونٹوں کو بند کر لو۔ پھر بھی اگر روز حق ظاہر نہ ہو تو میری ہنسی اڑاؤ۔ یہاں چشم ولب و گوش سے ظاہری مراد نہیں ہیں بلکہ اس آیت کریمہ کے ترجمہ کے مطابق ہے۔ **ولقد.........بل ھم الغافلون**۔

ترجمہ: ہم نے دوزخ کے لئے جنات اور انسانوں کی ایک بڑی تعداد طے کر رکھی ہے، ان کے دل تو ہیں لیکن وہ سمجھتے نہیں ہیں اور ان کے کان بھی ہیں لیکن وہ سنتے نہیں ہیں اور ان کی آنکھیں بھی ہیں لیکن وہ دیکھتے نہیں ہیں۔ یہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں؛ بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں اور یہی لوگ حق سے غافل ہیں۔ غرض اس کی وضاحت اس مختصر مکتوب میں ممکن نہیں ہے۔

قل لو كان البحر مدادا ....

